مُسلسل اِشاعت کے 59 سال

عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کا ترجمان

ماہنامہ لولاک ملتان

Email: khatmenubuwwat@ymail.com

مئی 2022ء | شوال المکرم ۱۴۴۳ھ

شمارہ: ۵ | جلد: ۲۶

مُناظرۃ الہند الکبریٰ
یعنی ہندوستان کا عظیم مُناظرہ

جماعتی سرگرمیاں

حضرت مولانا
محمد قاسم قاسمی رحمۃ اللہ علیہ
کی حیات و خدمات

حضرۃ مولانا مفتی
محمود اشرف عثمانی رحمۃ اللہ علیہ
کا سانحۂ اِرتحال

انتیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ

www.khatm-e-nabuwwat.com, www.lolaak.clickhere2.net, www.laulak.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

لولاک

ملتان

شمارہ : ۵　　جلد : ۲۶

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ
مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ
حضرت مولانا عبدالرحمن میانویؒ
فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ
حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمنؒ
حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ
پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ
حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندرؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ
حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوری شہیدؒ
صاحبزادہ طارق محمودؒ
مولانا محمد اکرم طوفانیؒ

بانی : مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی : حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب

زیر سرپرستی : حضرت مولانا سید سلیمان یوسف بنوری صاحب

نگران اعلیٰ : حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری

نگران : حضرت مولانا اللہ وسایا

چیف ایڈیٹر : حضرت مولانا عزیز احمد

حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی

ایڈیٹر : صاحبزادہ حافظ مبشر محمود

مرتب : مولانا عزیز الرحمن ثانی

کمپوزنگ : یوسف ہارون

مجلس منتظمہ

مولانا غلام رسول دینپوری	مولانا محمد اسماعیل شجاعبادی
علامہ احمد میاں حمادی	مولانا غلام مصطفیٰ
مولانا مفتی حفیظ الرحمن	مولانا فقیر اللہ اختر
مولانا قاضی احسان احمد	مولانا محمد طیب فاروقی
مولانا مفتی محمد راشد مدنی	مولانا محمد اسحاق ساقی
مولانا محمد حسین ناصر	مولانا محمد وسیم اسلم
مولانا محمد قاسم رحمانی	چوہدری محمد اقبال
مولانا عبدالرشید غازی	مولانا عبدالرزاق

ناشر : عزیز احمد　　مطبع : تشکیل نو پرنٹرز ملتان
مقام اشاعت : جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

رابطہ : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
حضوری باغ روڈ، ملتان فون : 0333-8827001, 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم

انئیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ	مولانا اللہ وسایا	03

مقالات ومضامین

توحید باری تعالیٰ اور ایک عام غلطی کا ازالہ (آخری قسط)	مولانا محمد مسلم دیوبندی	21
مناظرۃ الہند الکبریٰ یعنی ہندوستان کا عظیم مناظرہ (قسط:5)	مولانا رحمت اللہ کیرانوی/مولانا غلام رسول	24

شخصیات

حضرت مولانا محمد قاسم قاسمی رحمۃ اللہ علیہ کی حیات وخدمات	مولانا پروفیسر ظفر اللہ شفیق	29
جناب محمد ظہور عثمانی رحمۃ اللہ علیہ الوداع	جناب سید شجاعت علی شاہ	31
حضرت مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کا سانحہ ارتحال	جناب سید محمد اکبر شاہ بخاری	32
آہ......حضرت مولانا کمال الدین آزاد رحمۃ اللہ علیہ	جناب محمد کامران نسیم	34
مجاہد ختم نبوت حضرت علامہ محمد اکرم طوفانی رحمۃ اللہ علیہ (منظوم)	قاری محمد بخش سرگودھا	35

ردقادیانیت

مولانا ظفر علی خان اور فتنۂ قادیانیت (قسط نمبر:7)	حکیم عنایت اللہ نسیم سوہدروی	36
تحفظ ختم نبوت اہمیت وفضیلت	مولانا ظفر اللہ سندھی	39

متفرقات

تبصرہ کتب	مولانا اللہ وسایا	40
جماعتی سرگرمیاں	ادارہ	42
شرکاءکرام......انئیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر	مولانا محمد وسیم اسلم	52

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلمۃ الیوم

انتیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ خصوصاً علی سید الرسل وخاتم الانبیاء!

اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے انتیسواں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کا آغاز یکم شعبان ۱۴۴۳ھ مطابق ۵؍مارچ ۲۰۲۲ء بروز ہفتہ صبح آٹھ بجے ہوا۔ جب کہ اختتام ۲۴؍شعبان ۱۴۴۳ھ بمطابق ۲۷؍مارچ ۲۰۲۲ء بروز اتوار دن ۱۱ بجے ہوا۔ گزشتہ سال کورس کے شرکاء کی تعداد تقریباً ۲۷۰۰ تھی۔ اتنی بڑی تعداد کو ایک جگہ سبق پڑھانے کی درس گاہ کا ہال میسر نہ تھا۔ جو درس گاہیں تھیں ان میں اس وقیع تعداد کی تدریس کا اہتمام کرنا بہت مشکل ہوگیا تھا جس کے باعث فیصلہ کیا گیا کہ کورس میں داخلہ کے لئے درجہ رابعہ یا میٹرک کی بجائے درجہ سادسہ یا بی اے کی تعلیم لازمی قرار دی جائے۔ چنانچہ اس سال اشتہارات واعلانات کے علاوہ حضرات مبلغین کرام نے اپنی دعوتی مہم میں اس لازمی شرط کی پابندی کو ملحوظ رکھ کر کورس کے شرکاء کو تیار کرنا شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ کا بے حد وبے پایاں فضل ہوا کہ ملک بھر میں اسی شرط کے مطابق کورس کے خواہش مند حضرات کی فہرستیں بننا شروع ہوئیں اور اس شرط کا ملک بھر میں خیر مقدم بھی کیا گیا۔ اس سے کورس کا معیار تعلیم بلند ہونے کا قدرت نے سامان کردیا۔

۳؍مارچ ۲۰۲۲ء کو وفاق کا امتحان ختم ہوتے ہی داخلہ کے متمنی حضرات کی آمد شام کو شروع ہوگئی۔ اس سے قبل خورد ونوش کا سامان وافر مقدار میں خرید لیا گیا۔ پکاوے اور خدام سب بروقت جمعرات کی شام کو تشریف لائے۔ مولانا عزیز الرحمٰن ثانی لاہور سے مولانا محمد اسحاق ساقی بہاول پور سے اور مولانا محمد وسیم اسلم ملتان سے، مولانا فقیر اللہ اختر سیالکوٹ سے، مولانا محمد خالد عابد سرگودھا سے اور مولانا محمد طارق راول پنڈی سے انتظامات کے لئے تشریف لائے۔ جب کہ مولانا الیاس الرحمٰن، مولانا توصیف احمد، مولانا شیر عالم اور مولانا صغیر احمد چناب نگر میں ان کی پیشوائی کے لئے موجود تھے۔ چنانچہ ۴؍مارچ کو صبح حضرت مولانا غلام رسول صاحب کی سرپرستی میں داخلہ کا عمل شروع ہوگیا۔ مولانا محمد اسحاق ساقی اور مولانا صغیر احمد نے خورد ونوش کے نظم کو رواں کیا۔ جملہ امور کی نگرانی مولانا عزیز الرحمٰن ثانی نے سنبھالی۔

دفتر اہتمام جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں داخلہ فارم جمع ہونا شروع ہوئے اور

ساتھ ساتھ رہائش کے لئے کمروں کی تقسیم کا مولانا فقیر اللہ اختر اور مولانا خالد عابد نے بہت اچھا خوبصورت اہتمام کیا۔ جمعہ شام رات گئے تک کوئٹہ سے سپیشل دو کوچ، راول پنڈی، پشاور سے بھی کوچیں پہنچ گئیں۔ ہفتہ صبح کراچی، سندھ سے رحمان بابا ایکسپریس کے ذریعے ۱۵۵ رفقاء کورس کا قافلہ فیصل آباد پہنچا، مولانا عبدالرشید غازی، جناب حافظ مبشر محمود ان کی پیشوائی کے لئے موجود تھے۔

ازاں بعد کراچی، حیدر آباد، نواب شاہ، سکھر، پنوں عاقل سے پاکستان ایکسپریس پر پہلے قافلے سے کہیں بڑا قافلہ فیصل آباد پہنچا۔ یکے بعد دیگرے دونوں قافلوں کو کوچوں اور ویگنوں کے ذریعہ چناب نگر روانہ کیا گیا۔ ان تمام تر قافلوں کے پہنچنے پر وہ روح پرور ایمان افزاء پر رونق فرحاں وشاداں مناظر سامنے آئے جس نے بھی ان خوش نما مناظر کو دیکھا، سراپا شکر گزار ہو گیا۔ بلا مبالغہ ان مناظر پر وجدانی کیفیت یہ تھی کہ آسمان کے فرشتے جھانک جھانک اور جھوم جھوم کرامت محمدیہ کے عشق مصطفیٰ ﷺ کے والہانہ اور مخلصانہ تعلق پر انبساط وسرور کی کیفیت لئے ہوئے ہوں گے۔

ہفتہ والے دن ٹھیک صبح آٹھ بجے کلاس کا آغاز ہوا۔ ابتدائی تمہیدی گفتگو اور ہدایات کے بعد حضرت مولانا غلام رسول دین پوری شیخ الحدیث جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر کے پہلے سبق سے کورس کا آغاز ہو گیا۔ ہفتہ، اتوار دو دن داخلہ جاری رکھا گیا۔ اتوار رات گئے حسب سابق داخلہ بند کر دیا گیا۔ اس کے بعد رفقاء آئے تو داخلے کی ان سے معذرت کر لی گئی۔ اس ضابطے پر پابندی کے بہت مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ درجہ سادسہ، سابعہ اور دورہ حدیث شریف سے فارغ التحصیل علماء کرام اور مدرسین عظام، بی۔اے، ایم۔اے اور ایم فل کے سٹوڈنٹس اور کالجوں اور یونیورسٹیوں و دینی جامعات کے حضرات کے حسین امتزاج نے گلدستہ ختم نبوت کے گلہائے شگفتہ رنگا رنگ کا وہ روپ دھارا کہ ہر منصف مزاج باذوق دیدہ ودل فرش راہ ہو گیا اور جس نے اس نظارہ کو ملاحظہ کیا۔ عش عش کر اٹھا۔ **الحمدللہ اوّلاً و آخراً!**

سب سے پہلا سبق شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام رسول دین پوری کا ہوا اور سب سے آخری بیان حضرت مفتی شہاب الدین پوپلزئی کا ہوا۔ پڑھانے والے حضرات کے نام یہ ہیں:

اساتذہ کرام

مولانا غلام رسول دین پوری، مولانا مفتی محمد راشد مدنی، مولانا غلام مرتضیٰ ڈسکہ، مولانا مفتی محمد دین ٹل، مولانا محمد شاہد ندیم، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، جناب محمد متین خالد لاہور، مولانا محمد اسماعیل عارفی کراچی، مولانا محمد رضوان عزیز عارف والا، مولانا مفتی محمد حسن لاہور، حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز احمد، مولانا مفتی مصطفیٰ عزیز فیصل آباد، مولانا محمد زاہد انور شورکوٹ، مولانا نور محمد

ہزاروی سرگودھا، مولانا توصیف احمد چناب نگر، مولانا فضل الرحمٰن منگلا شیخوپورہ، مولانا محمد وسیم اسلم ملتان اور مولانا محمد خبیب ٹوبہ۔

امسال ملک بھر کے تقریباً ۳۰۷ تعلیمی اداروں سے رفقاء تشریف لائے ان اداروں کے نام بالترتیب صوبہ خیبر پختونخواہ، صوبہ پنجاب، صوبہ سندھ اور صوبہ بلوچستان یہ ہیں:

فہرست جامعات جن سے رفقاء کرام نے کورس میں شرکت سے ممنون کیا

نمبر شمار	اسماء جامعات	نمبر شمار	اسماء جامعات
۱	جامعہ دار العلوم سادات پشاور	۲	جامعہ دار العلوم تعلیم القرآن پشاور
۳	مدرسہ تقویۃ الایمان سربند پشاور	۴	جامعہ عثمانیہ پشاور
۵	جامعہ تعلیم القرآن والحدیث پشاور	۶	جامعہ دار العلوم سبیل الہدیٰ مردان
۷	جامعہ ابن عباسؓ مردان	۸	سعادت دار العلوم طورو مردان
۹	مدرسہ انوار العلوم والقرآن مردان	۱۰	جامعہ فاروقیہ کاٹلنگ مردان
۱۱	جامعہ امیر معاویہؓ مردان	۱۲	مدرسہ فیض القرآن مردان
۱۳	جامعہ زینت القرآن چارسدہ	۱۴	جامعہ عربیہ چارسدہ
۱۵	دار العلوم فیض القرآن چارسدہ	۱۶	مدرسہ سیدنا صدیق اکبرؓ ورسک
۱۷	جامعہ مدینۃ العلوم الاسلامیہ جہانگیرہ صوابی	۱۸	جامعہ علوم القرآن صوابی
۱۹	جامعہ سیدنا سلمان فارسیؓ صوابی	۲۰	جامعہ دار العلوم سراج اسلام ہنگو
۲۱	جامعہ یوسفیہ ضلع ہنگو	۲۲	جامعہ دار العلوم نوشہرہ
۲۳	جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ	۲۴	دار العلوم انجمن تعلیم القرآن کوہاٹ
۲۵	دار العلوم زکریا کوہاٹ	۲۶	دار العلوم دار ارقم کرک
۲۷	جامعہ شمس المدارس کرک	۲۸	مدرسہ دار العلوم نصیریہ غور غشتی اٹک
۲۹	پراچہ جامعہ اسلامیہ انجراء اٹک	۳۰	دار العلوم اسلامیہ عربیہ بٹگرام
۳۱	جامعہ دار الہدیٰ لکی مروت	۳۲	جامعہ دار العلوم شیر گڑھ خیبر پختون خواہ
۳۳	جامعہ تدریس القرآن	۳۴	جامعہ دار العلوم مٹہ سوات

۳۵	جامعہ عزیزیہ ایبٹ آباد	۳۶	جامعہ عربیہ سراج العلوم مانسہرہ
۳۷	جامعہ عربیہ عبداللہ بن مسعودؓ ہری پور	۳۸	جامعہ سراج العلوم ڈیرہ اسماعیل خان
۳۹	البریرہ ایجوکیشنل ٹرسٹ لاہور	۴۰	جامعہ نظام الاسلام لاہور
۴۱	جامعہ محمدیہ چوبرجی لاہور	۴۲	جامعہ فاروقیہ والٹن کینٹ لاہور
۴۳	جامعۃ الحمید لاہور	۴۴	جامعہ اشرفیہ لاہور
۴۵	مرکز تبلیغی مسجد ابراہیم لاہور	۴۶	مدرسہ عربیہ رائیونڈ لاہور
۴۷	جامعہ مدینۃ العلم فیصل آباد	۴۸	جامعہ دارالقرآن فیصل آباد
۴۹	جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد	۵۰	جامعہ فریدیہ اسلام آباد
۵۱	جامعہ محمدیہ اسلام آباد	۵۲	جامعہ نعمانیہ اسلام آباد
۵۳	جامعہ علوم الشرعیہ راولپنڈی	۵۴	جامعہ خیرالعلوم خیرپور ٹامیوالی بہاول پور
۵۵	جامعہ دارالعلوم فتحیہ بہاول پور	۵۶	جامعہ دارالعلوم مدنیہ بہاول پور
۵۷	جامعہ عمر بن خطابؓ ملتان	۵۸	جامعہ خیرالمدارس ملتان
۵۹	جامعہ دارالعلوم رحیمیہ پیر کالونی ملتان	۶۰	جامعہ عربیہ اڈہ محمود کوٹ مظفرگڑھ
۶۱	جامعہ امدادیہ حبیب المدارس یاکیوالی مظفرگڑھ	۶۲	جامعہ عربیہ شمس العلوم رحیم یار خان
۶۳	جامعہ مخزن العلوم خان پور ضلع رحیم یار خان	۶۴	دارالعلوم محمدیہ اٹھارہ ہزاری جھنگ
۶۵	جامعہ محمودیہ جھنگ	۶۶	جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر
۶۷	جامعہ دارالعلوم مدنیہ چنیوٹ	۶۸	جامعہ مفتاح العلوم سرگودھا
۶۹	دارالعلوم مظاہر العلوم لطیف آباد	۷۰	جامعہ سیدنا ابوہریرہؓ ہیلسی
۷۱	علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی	۷۲	دارالعلوم عیدگاہ کبیروالہ
۷۳	مدرسہ غفار مؤمن اسلامک اکیڈمی	۷۴	جامعہ صادقیہ عباسیہ منچن آباد
۷۵	جامعۃ الحسن اٹاری اجیت سنگھ ضلع قصور	۷۶	جامعہ حسین بن علیؓ
۷۷	جامعہ دارالعلوم عثمانیہ رستم	۷۸	پنجاب کالج حافظ آباد
۷۹	دارالعلوم زکریا ترنول	۸۰	جامعہ دارالعلوم ربانیہ پھلور ٹوبہ

۸۱	جامعہ حنفیہ تعلیم الاسلام جہلم	۸۲	جامعہ معارف اسلامیہ
۸۳	جامعہ اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی	۸۴	جامعہ اشرف العلوم کراچی
۸۵	جامعہ اسلامیہ کلفٹن کراچی	۸۶	جامعہ دارالعلوم کراچی
۸۷	جامعہ اشرف المدارس کراچی	۸۸	جامعہ انوارالعلوم کراچی
۸۹	جامعہ فاروقیہ کراچی	۹۰	جامعہ انوارالصحابہ ملیر کراچی
۹۱	جامعہ رحمانیہ بلال کالونی کراچی	۹۲	جامعہ معہد العلوم الاسلامیہ کراچی
۹۳	جامعۃ الصفّہ کراچی	۹۴	مدرسہ عربیہ اسلامیہ گلستان کالونی کراچی
۹۵	مدرسہ امام ابویوسف کراچی	۹۶	جامعۃ الرشید کراچی
۹۷	جامعہ حمادیہ شاہ فیصل کراچی	۹۸	جامعہ رحمۃ للعالمین مہران ٹاؤن کراچی
۹۹	جامعہ اسلامیہ درویشیہ کراچی	۱۰۰	جامعہ اسلامیہ منبع العلوم کراچی
۱۰۱	جامعہ دارالعلوم یاسین القرآن کراچی	۱۰۲	جامعہ امام ابوحنیفہ کراچی
۱۰۳	جامعہ عربیہ عباسیہ کراچی	۱۰۴	جامعہ عربیہ اویس قرنی کراچی
۱۰۵	جامعہ عربیہ احسن العلوم کراچی	۱۰۶	جامعہ انوارالقرآن ملیر کراچی
۱۰۷	جامعہ معہد الخلیل الاسلامی کراچی	۱۰۸	جامعہ بیت السلام کراچی
۱۰۹	جامعہ تعلیم القرآن والسنہ کراچی	۱۱۰	مدرسہ دولت القرآن کراچی
۱۱۱	جامعہ تحفیظ القرآن کراچی	۱۱۲	جامعہ عثمانیہ احیاء العلوم کراچی
۱۱۳	جامعہ عبداللہ بن عمرؓ کراچی	۱۱۴	جامعہ بنوریہ العالمیہ کراچی
۱۱۵	دارالعلوم امیر حمزہ کراچی	۱۱۶	جامعہ باب الرحمت کراچی
۱۱۷	جامعہ نعمانیہ لیاری کراچی	۱۱۸	جامعہ عربیہ فاروقیہ کراچی
۱۱۹	جامعہ صدیقیہ ناتھا خان گوٹھ کراچی	۱۲۰	جامعہ طیبہ کراچی
۱۲۱	جامعہ خلفائے راشدین کراچی	۱۲۲	جامعہ دارالفیوض کراچی
۱۲۳	جامعۃ السعید کراچی	۱۲۴	جامعہ حقانیہ بلال مسجد کراچی
۱۲۵	جامعہ بیت العلوم الاسلامیہ کراچی	۱۲۶	جامعہ زکریا اورنگی ٹاؤن کراچی
۱۲۷	جامعہ بیت العتیق کراچی	۱۲۸	جامعہ اشرفیہ امدادیہ کراچی

۱۲۹	جامعہ معہد عثمان بن عفان ملیر کراچی	۱۳۰	جامعہ محمد بن قاسم کراچی
۱۳۱	انڈس یونیورسٹی کراچی	۱۳۲	دارالعلوم مظاہر العلوم حیدرآباد
۱۳۳	جامعہ اسلامیہ عمر فاروق حیدرآباد	۱۳۴	جامعہ فاروقیہ عثمان شاہ ہوڑی ٹنڈوالٰہ یار
۱۳۵	جامعہ عربیہ مدینۃ العلوم ٹنڈوالٰہ یار	۱۳۶	جامعہ صدیق اکبر ٹنڈوالٰہ یار
۱۳۷	جامعہ عربیہ عثمان شاہ ہوڑی ٹنڈوالٰہ یار	۱۳۸	جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم ٹنڈوآدم
۱۳۹	جامعہ انوارالقرآن قاسمیہ تھرپارکر	۱۴۰	جامعہ دارالعلوم المدنیہ ہالا
۱۴۱	جامعہ العلوم المعروفیہ ٹیاری	۱۴۲	جامعہ دارالعلوم اسلامیہ ہالا ضلع ٹیاری
۱۴۳	جامعہ اسلامیہ عبداللہ بن عمر ٹیاری	۱۴۴	جامعہ اسلامیہ حمادیہ خیرپور میرس
۱۴۵	دارالعلوم تفہیم القرآن نواب شاہ	۱۴۶	جامعہ اسلامیہ نورالقرآن نواب شاہ
۱۴۷	جامعہ نعیم ندیم پنوعاقل سکھر	۱۴۸	جامعہ اشرفیہ سکھر
۱۴۹	جامعہ دارالعلوم سکھر	۱۵۰	دارالعلوم تعلیم الاسلام ٹنڈوغلام علی
۱۵۱	جامعہ اسلامیہ طیبہ شکارپور	۱۵۲	جامعہ باب الاسلامیہ ٹھٹھہ
۱۵۳	دارالعلوم امینیہ میرپورخاص	۱۵۴	مدرسہ مدینۃ العلوم حمادیہ
۱۵۵	جامعہ دارالہدیٰ ٹھیڑی	۱۵۶	جامعہ عربیہ تجویدالقرآن کوئٹہ
۱۵۷	جامعہ اسلامیہ بحرالعلوم کوئٹہ	۱۵۸	جامعہ فرقانیہ قاسمیہ مدینۃ القرآن کوئٹہ
۱۵۹	جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحیمیہ کوئٹہ	۱۶۰	جامعہ عربیہ مصباح العلوم کوئٹہ
۱۶۱	جامعہ امدادیہ سریاب مل کوئٹہ	۱۶۲	جامعہ ضیاء العلوم کوئٹہ
۱۶۳	جامعہ اسلامیہ دارالعلوم فرقانیہ کوئٹہ	۱۶۴	جامعہ ہاشمیہ تعلیم القرآن کوئٹہ
۱۶۵	جامعہ دارالعلوم ہاشمیہ کوئٹہ	۱۶۶	مدرسہ عربیہ شمس العلوم کوئٹہ
۱۶۷	جامعہ مفتاح العلوم کوئٹہ	۱۶۸	جامعۃ العلوم والحکم الاسلامیہ کوئٹہ
۱۶۹	جامعہ عربیہ ناصرالعلوم لورالائی	۱۷۰	جامعہ اسلامیہ مخزن العلوم لورالائی
۱۷۱	گورنمنٹ کالج بلوچستان	۱۷۲	جامعہ العلوم الشرعیہ حب بلوچستان
۱۷۳	جامعہ دارالعلوم بھاگ ناڑی بلوچستان		

اس دفعہ کورس میں شریک فارغ التحصیل علماء کرام کی تعداد ایک سو چالیس سے بھی زیادہ تھی۔ ان علماء کرام کے اسماء گرامی یہ ہیں:

کورش میں شریک فارغ التحصیل علماء کرام کے اسماء گرامی

نمبر شمار	رول نمبر	نام	ولدیت	ضلع
۱	۴	مولانا نعمت اللہ	سعد اللہ	قلعہ عبداللہ
۲	۵	مولانا عطاء اللہ	امان اللہ	قلعہ عبداللہ
۳	۶	مولانا حماد اللہ	مولانا محمد اسماعیل	کوئٹہ
۴	۸	مولانا نجیب اللہ	حاجی محمد انور	چمن
۵	۱۱	مولانا باسط علی	حاجی عبدالصمد	قلعہ عبداللہ
۶	۱۴	مولانا احمد اللہ	حاجی عبدالصمد	پشین
۷	۲۴	مولانا محمد آصف	عبدالسمیع	کچھی
۸	۲۷	مولانا سید رحیم اللہ	سید ہنر	چاغی
۹	۳۱	مولانا عتیق الرحمٰن	محمد یعقوب	زیارت
۱۰	۳۲	مولانا محمد ذیشان	عبدالرزاق	بہاول پور
۱۱	۳۳	مولانا محمد شریف	عبدالرحیم	پشین
۱۲	۳۸	مولانا عطاء اللہ	نصیب اللہ خان	شیرانی
۱۳	۵۰	مولانا محمد عدیل	حافظ محمد بخش	ڈیرہ غازی خان
۱۴	۵۴	مولانا سفر محمد	محمد ولی	لورالائی
۱۵	۵۸	مولانا احسان اللہ	حاجی عبداللہ	کوئٹہ
۱۶	۶۲	مولانا زید اللہ	عبدالوہاب	چاغی
۱۷	۷۰	مولانا بسم اللہ	عبدالقادر	قلعہ سیف اللہ
۱۸	۷۱	مولانا علی خان	آدم خان	لورالائی
۱۹	۷۲	مولانا عبدالمنان	عبدالحکیم	لورالائی
۲۰	۷۶	مولانا میراں خان	حاجی سلطان محمد	لورالائی

۲۱	۸۹	مولانا علاؤالدین	حاجی عبدالمنان	قلعہ سیف اللہ
۲۲	۱۰۳	مولانا محمد طارق	موسیٰ جان	دکی
۲۳	۱۰۹	مولانا ہدایت اللہ	حافظ محمد سلیمان	ڈیرہ غازی خان
۲۴	۱۲۶	مولانا منور احمد	مولوی محمد یوسف	پشین
۲۵	۱۲۷	مولانا عمران اللہ	قاری عبداللہ	کوئٹہ
۲۶	۱۲۸	مولانا ضیاء اللہ	بہرام خان	بٹگرام
۲۷	۱۲۹	مولانا شبیر احمد	محمد یوسف	//
۲۸	۱۴۴	مولانا عبدالمجید	عبدالودود	صوابی
۲۹	۱۵۱	مولانا سلیم اللہ	گل محمد	اٹک
۳۰	۱۵۸	مولانا شاہ حسین	سردار حسین	//
۳۱	۱۵۹	مولانا محبوب الرحمٰن	صاحب خان	پشین
۳۲	۱۶۹	مولانا عبیداللہ	محمد امین	کراچی
۳۳	۱۷۱	مولانا ولی اللہ طارق	محمد طارق	ڈیرہ غازی خان
۳۴	۱۷۲	مولانا محمد صفدر	ریاض احمد	//
۳۵	۱۷۴	مولانا محمد ارسلان	عبدالحمید	//
۳۶	۱۷۷	مولانا عبدالرحمٰن	عبدالقیوم	صوابی
۳۷	۱۸۵	مولانا محمد یعقوب	غازی خان	فیصل آباد
۳۸	۱۸۷	مولانا محمد اویس عامر	نورالکریم	لوئر دیر
۳۹	۱۹۲	عماد احمد	شیر رحمٰن	مالاکنڈ
۴۰	۱۹۵	مولانا محمد علی	عبدالاکبر	صوابی
۴۱	۱۹۹	مولانا محمد امین	رحمان شاہ	چارسدہ
۴۲	۲۰۸	مولانا تاجدار عالم	نثار خان	خیبر
۴۳	۲۱۳	مولانا حفیظ اللہ	حاجی عنایت گل	خیبرہ
۴۴	۲۱۹	مولانا جہانگیر خان حقانی	ملنگ خان	پشاور
۴۵	۲۲۱	مولانا عارف اللہ	شاہ زلمے	پشاور
۴۶	۲۳۵	مولانا ذاکر اللہ	محمد عزیز اللہ	پشاور

۴۷	۲۳۶	مولانا اکرام اللہ	جہاں زیب	//
۴۸	۲۴۰	مولانا محمد بلال	بشیر احمد	بہاول پور
۴۹	۲۴۶	مولانا محمد اسد اللہ	غلام یاسین	//
۵۰	۲۵۲	مولانا حبیب اللہ شاہ	گل زمان شاہ	کرک
۵۱	۲۵۸	مولانا محمد ریاض	خان گل	//
۵۲	۲۶۳	مولانا محمد یعقوب	حاجی امیر محمد	چکوال
۵۳	۲۹۹	مولانا انس محمود	قاری محمود احمد	کراچی شرقی
۵۴	۳۱۷	مولانا صلاح الدین	محمد ابراہیم	رحیم یار خان
۵۵	۳۱۸	مولانا محمد سلیمان	حسین احمد	کراچی
۵۶	۳۱۹	مولانا عبدالوحید	نور محمد	ٹیاری
۵۷	۳۲۱	مولانا محمد عمر	محمد اسماعیل	کراچی
۵۸	۳۲۳	مولانا عمیر	نور اسلام	//
۵۹	۳۲۵	مولانا بدر اقبال	جمال الدین	//
۶۰	۳۲۶	مولانا احمد انور	محمد ایوب	//
۶۱	۳۲۸	مولانا عبداللہ حسین	حسین احمد	//
۶۲	۳۸۸	مولانا انس احمد	کلیم اللہ	//
۶۳	۳۸۹	مولانا احسان اللہ	خلیل اللہ	نواب شاہ
۶۴	۳۹۰	مولانا محمد فیضان	محمد ندیم	کراچی
۶۵	۳۹۴	مولانا محمد سلمان صدیق	عبداللہ صدیق	//
۶۶	۳۹۵	مولانا محمد دانیال	محمد عرفان	//
۶۷	۴۰۲	مولانا عبدالرشید	عبدالمجید	کوہاٹ
۶۸	۴۰۵	مولانا منٹھار علی	رانو	تھرپارکر
۶۹	۴۲۰	مولانا مجیب الرحمٰن	عبدالحلیم	ملیر کراچی
۷۰	۴۲۴	مولانا فاروق	محمد اسلم	//
۷۱	۴۲۵	مولانا عبداللہ	عبدالرحمٰن	ملیر کراچی
۷۲	۴۲۶	مولانا محمد صہیب	محمد عثمان	وسطی کراچی

۷۳	۴۲۷	مولانا محمد بلال	محمد امین	//
۷۴	۴۲۸	مولانا عبداللہ	رب نواب خان	//
۷۵	۴۲۹	مولانا امان اللہ	غلام مصطفیٰ	//
۷۶	۴۳۷	مولانا علی المرتضیٰ	محکم الدین	سکھر
۷۷	۴۳۹	مولانا فیض اللہ	گل زرین	بٹگرام
۷۸	۴۴۰	مولانا سید عبدالوہاب	سید محمد راشد	شرقی کراچی
۷۹	۴۵۳	مولانا محمد عالم	علی اکبر	مٹیاری
۸۰	۴۶۹	مولانا محمد نبیل	افتخار احمد	کراچی غربی
۸۱	۴۷۷	مولانا احسان اللہ	حمید اللہ	مٹیاری
۸۲	۴۸۵	مولانا عباس علی	گڑی	تربت
۸۳	۴۸۷	مولانا نجیب اللہ	بہادر خان	کراچی غربی
۸۴	۴۹۰	مولانا اعجاز احمد	سید احسن	//
۸۵	۴۹۴	مولانا محمد عمران	محمد نعیم	//
۸۶	۴۹۵	مولانا محمد اذان	علی حیدر	//
۸۷	۵۰۰	مولانا محمد عثمان	محمد ابراہیم	ٹنڈو محمد خان
۸۸	۵۰۱	مولانا متارودل	محمد عاقیل	تھرپاکر
۸۹	۵۱۳	مولانا حمید اللہ	محمد حلیم	سوات
۹۰	۵۲۲	مولانا ثناء اللہ	عاشق حسین	مٹیاری
۹۱	۵۲۴	مولانا عبداللہ جان	رحمت اللہ	کورنگی
۹۲	۵۲۷	مولانا اسد علی	عبدالرزاق	سانگھڑ
۹۳	۵۴۰	مولانا محمد اصغر	فضل الرحمٰن	سوات
۹۴	۵۴۵	مولانا محمد آصف	محمد عمر علی	کراچی غربی
۹۵	۵۴۶	مولانا اسد اللہ	جان محمد	بدین
۹۶	۵۷۰	مولانا عطاء اللہ	حبیب حسین	ٹنڈو الہ یار
۹۷	۵۷۴	مولانا راشد علی	خیر محمد	سکھر
۹۸	۵۷۸	مولانا معوذ احمد	احمد دین قاضی	//

۹۹	۵۸۰	مولانا نجی اللہ	محمد معروف	//
۱۰۰	۵۸۷	مولانا امان اللہ	جاوید علی	وسطی کراچی
۱۰۱	۵۸۹	مولانا جہانگیر شاہ	شاہ محمد	پشین
۱۰۲	۵۹۰	مولانا عبدالرحمٰن	محمد فاروق	وسطی کراچی
۱۰۳	۵۹۱	مولانا سعید سفیان	عبداللطیف	//
۱۰۴	۵۹۲	مولانا ثناء اللہ	گل احمد	وسطی کراچی
۱۰۵	۵۹۳	مولانا عتیق الرحمٰن	عقیل احمد	//
۱۰۶	۵۹۴	مولانا حافظ حسن	محمود خان	کراچی
۱۰۷	۵۹۵	مولانا جاوید علی	علی بہادر	کراچی
۱۰۸	۵۹۶	مولانا عبدالجبار	سخی داد	//
۱۰۹	۵۹۷	مولانا اسد اللہ	محمد یار خان	دیر لوئر
۱۱۰	۶۱۰	مولانا نیاز احمد	محمد عمر	تھرپاکر
۱۱۱	۶۱۹	مولانا نعمان علی	مبارک علی خان	کراچی غربی
۱۱۲	۶۲۰	مولانا محمد بخش	نظر محمد	سکھر
۱۱۳	۶۳۰	مولانا محمد اسماعیل	دین محمد	غربی کراچی
۱۱۴	۶۳۵	مولانا کفایت اللہ	محمد طاہر خان	جنوبی وزیرستان
۱۱۵	۶۳۶	مولانا مشتاق احمد	رحیم شاہ	کراچی غربی
۱۱۶	۶۳۷	مولانا نور اصغر	سیدا گل	پشاور
۱۱۷	۶۴۶	مولانا محمود جان	حاجی جمال خان	ٹنڈوالہ یار
۱۱۸	۶۴۹	مولانا عبدالرشید	محمد صدیق	مٹیاری
۱۱۹	۶۵۱	مولانا حماد اللہ	عبداللہ	سانگھڑ
۱۲۰	۶۶۷	مولانا محمد رضوان	عنایت علی	میرپورخاص
۱۲۱	۶۷۲	مولانا حفیظ اللہ	عبداللطیف	قلات
۱۲۲	۶۸۱	مولانا عرفان احمد	احمد شیر	سرگودھا
۱۲۳	۶۸۷	مولانا محمد کامران	محمد رمضان	بھکر
۱۲۴	۶۸۸	مولانا عثمان غنی	اللہ دتہ	جھنگ

۱۲۵	۶۸۹	مولانا عمر شامزئی	تاجرین شاہ	غربی کراچی
۱۲۶	۶۹۰	مولانا مجاہد محمود	محمد اسلم	ننکانہ صاحب
۱۲۷	۶۹۸	مولانا عابد نواز	محمد نواز	چنیوٹ
۱۲۸	۶۹۹	مولانا محمد ابوبکر	دوست محمد	لاہور
۱۲۹	۷۰۶	مولانا محمد یحییٰ	محمود حسین	خیرپور میرس
۱۳۰	۷۱۲	مولانا محمد وقاص	محمد الیاس	بھکر
۱۳۱	۷۱۶	مولانا معشوق علی	محمد امین	نوشہرو فیروز
۱۳۲	۷۲۲	مولانا محمد حنظلہ	خلیل احمد	مظفرگڑھ
۱۳۳	۷۲۷	مولانا سلطان زرین	نواب زرین	لاہور
۱۳۴	۷۲۸	مولانا امیر اللہ	یوسف خان	شمالی وزیرستان
۱۳۵	۷۲۹	مولانا گل محمد	شہاب الدین شاہ	جھنگ
۱۳۶	۷۳۲	مولانا محمد اعظم	مرید حسین	ڈیرہ غازی خان
۱۳۷	۷۳۷	مولانا محمد عدنان	اسلام الدین	خانیوال
۱۳۸	۷۳۸	مولانا اورنگ زیب	فضل الٰہی	مانسہرہ
۱۳۹	۷۵۲	مولانا عبدالباسط	عبدالخالق	خانیوال
۱۴۰	۷۵۷	مولانا نصیب اللہ	عنایت اللہ	کوئٹہ
۱۴۱	۷۵۸	مولانا اسداللہ	غلام محمد	کوئٹہ
۱۴۲	۷۶۰	مولانا صہیب جعفر	جعفر علی	چارسدہ

ان علماء کرام میں سے ۲۳ حضرات وہ ہیں جو مختلف مدارس وجامعات میں تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کے رول نمبر اور جامعات کی فہرست یہ ہے:

نمبر شمار	رول نمبر	جامعات	نمبر شمار	رول نمبر	جامعات
۱	۴	مدرسہ فریدیہ قلعہ عبداللہ بلوچستان	۲	۶	مدرسہ جامعہ محمدیہ کول پور بلوچستان
۳	۱۴	مدرسہ دارالعلوم محمدیہ پشین	۴	۶۲	مدرسہ دارالہدیٰ کوئٹہ
۵	۱۲۷	مدرسہ تعلیم القرآن پشتون آباد کوئٹہ	۶	۱۴۴	جامعہ مدینۃ العلوم صوابی
۷	۱۵۸	مدرسہ تجوید القرآن نوشہرہ	۸	۱۸۷	مدرسہ عربیہ امینیہ باڈوان لوئر دیر

۹	۱۹۵	مدرسہ صدیقیہ صوابی	۱۰	۲۰۸	مدرسہ زکریا لنڈی کوتل خیبر
۱۱	۳۱۲	مدرسہ زکریا لنڈی کوتل خیبر	۱۲	۲۱۹	جامعہ محمدیہ پشاور
۱۳	۲۲۱	مدرسہ سیدنا عروہ بن زبیرؓ یوسی ۲۶ پشاور	۱۴	۲۵۲	جامعہ محاسن العلوم کرک
۱۵	۲۵۸	جامعہ سراج القرآن کرک	۱۶	۲۹۵	جامعہ ترتیل القرآن کراچی
۱۷	۶۸۱	جامعہ علوم شرعیہ جھنگ	۱۸	۶۹۹	ابوہریرہ ایجوکیشن لاہور
۱۹	۴۲۷	ابوہریرہ ایجوکیشن لاہور	۲۰	۴۳۷	مدرسہ عربیہ میلسی (شاخ رائیونڈ مرکز)
۲۱	۴۳۸	مدرسہ بیت القرآن مانسہرہ	۲۲	۳۹۰	جامعہ اشرف المدارس کراچی
۲۳	۶۸۹	جامعہ الشیخ زکریا اورنگی ٹاؤن کراچی			

حسب سابق پورے ہفتے میں کورس کے نصاب کا جو حصہ پڑھایا جاتا ہفتہ بعد اس کا امتحان لیا جاتا یوں تین امتحانات ہوئے۔ ان تینوں امتحانات کے تینوں پرچے درج ذیل ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ اول　　۸ شعبان المعظم ۱۴۴۳ھ مطابق ۱۲ مارچ ۲۰۲۲ء

قادیانی شبہات کے جوابات (حصہ دوم ...... حیات عیسیٰ علیہ السلام)

سالانہ ختم نبوت کورس ...... جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر ضلع چنیوٹ

سوال نمبر۱...... حضور ﷺ کی بعثت کے وقت موجود یہود اور نصاریٰ کے عقائد باطلہ اور ان کی تردید وضاحت کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر۲...... رفع اور نزول کی حکمتیں لکھیں۔

سوال نمبر۳...... امکان رفع پر کوئی سے پانچ واقعے لکھیں۔

سوال نمبر۴...... قادیانیوں سے گفتگو کرنے کے لئے جامع اصول تحریر کریں۔

سوال نمبر۵...... وما قتلوہ یقینا بل رفعہ اللہ الیہ وکان اللہ عزیزا حکیما. اس آیت سے حیات عیسیٰ علیہ السلام ثابت کریں۔

سوال نمبر۶...... حیات مسیح علیہ السلام پر کوئی سی پانچ حدیثیں مع ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر۷...... امام ابوحنیفہؒ، امام بخاریؒ اور مولانا عبیداللہ سندھیؒ پر مرزائی وفات مسیح علیہ السلام کے اعتقاد کا الزام لگاتے ہیں، آپ ان حضرات پر الزامات کا جواب لکھیں۔

سوال نمبر۸...... علامات مسیح علیہ السلام اور مرزا قادیانی کا تقابل پیش کریں۔

سوال نمبر۹...... بائبل کا مکمل تعارف لکھیں۔

سوال نمبر۱۰...... عیسائیت کی مختصر تاریخ لکھیں۔

نوٹ:...... کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔ لیکن آخر میں دیئے گئے عیسائیت کے دو سوالوں میں سے ایک سوال لازمی ہے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ دوم ۱۵ شعبان المعظم ۱۴۴۳ھ مطابق ۱۹/ مارچ ۲۰۲۲ء

قادیانی شبہات کے جوابات (حصہ اول ...... ختم نبوت)

سالانہ ختم نبوت کورس .... جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر ضلع چنیوٹ

سوال نمبر۱...... عقیدۂ ختم نبوت سے متعلق کوئی سے تین قرآنی اسلوب لکھیں۔

سوال نمبر۲...... عالم دنیا، عالم برزخ اور عالم آخرت میں ختم نبوت کا تذکرہ لکھیں۔

سوال نمبر۳...... ''ما کان محمد ابا احد من رجالکم و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین و کان اللہ بکل شئی علیماً''. آیت کا ترجمہ اور شان نزول لکھیں۔

سوال نمبر۴...... آیت ''خاتم النبیین'' سے متعلق کوئی سی تین قادیانی تاویلیں مع جوابات لکھیں۔

سوال نمبر۵...... ختم نبوت سے متعلق پانچ حدیثیں مع ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر۶...... اجماع کی حقیقت اور اس کی عظمت بیان کریں۔

سوال نمبر۷...... آیت ''یابنی آدم اما یاتینکم رسل منکم'' سے مرزائی استدلال اور اس کے جوابات لکھیں۔

سوال نمبر۸...... آیت ''ومبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد'' سے قادیانی استدلال مع جوابات لکھیں۔

سوال نمبر۹...... ''لوعاش ابراھیم لکان صدیقا نبیا'' سے مرزائی استدلال اور اس کے جوابات لکھیں۔

سوال نمبر۱۰...... ظلی بروزی کی اصطلاح پر مختصر نوٹ لکھیں۔

نوٹ:...... کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ سوم　۲۲ رشعبان المعظم ۱۴۴۳ھ مطابق ۲۶ رمارچ ۲۰۲۲ء

قادیانی شبہات کے جوابات (حصہ سوم ...... کذبات مرزا)

سالانہ ختم نبوت کورس .... جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر ضلع چنیوٹ

سوال نمبر۱...... مرزا قادیانی کے عقائد لکھیں۔

سوال نمبر۲...... مرزا قادیانی کی تین پیشگوئیاں وضاحت کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر۳...... مرزا قادیانی کے چند دعوے اور تضادات لکھیں۔

سوال نمبر۴...... مرزا قادیانی کے مالی معاملات لکھیں۔

سوال نمبر۵...... مرزا قادیانی کے اعمال صالحہ لکھیں۔

سوال نمبر۶...... ”لو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منه بالیمین ثم لقطعنا منه الوتین“ میں قادیانی تحریف اور اس کے جوابات لکھیں۔

سوال نمبر۷...... حضرت اسامہؓ کے واقعہ قتل سے مرزائی استدلال اور اس کے جوابات لکھیں۔

سوال نمبر۸...... قادیانی کہتے ہیں کہ دشمنوں سے نرمی کرنا سنت نبوی ہے تم ہم پر سختی کیوں کرتے ہو؟ آپ کیا جواب رکھتے ہیں؟ وضاحت سے لکھیں۔

سوال نمبر۹...... قادیانی کہتے ہیں کہ ہم کلمہ پڑھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں، پھر ہمیں کافر کیوں کہا جاتا ہے؟ آپ کیا جوابات رکھتے ہیں۔

سوال نمبر۱۰...... سیدنا امام مہدی علیہ الرضوان پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں۔

نوٹ:...... کوئی سے پانچ سوال حل کریں، لیکن آخری دو سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب دینا لازمی ہے۔　جزاکم اللہ احسن الجزاء!

ہر ہفتے کے روز صبح آٹھ بجے سے ۱۱ بجے تک تین گھنٹے میں سوالات کے جوابات لکھے جاتے۔ ان امتحانات میں جو ساتھی غیر حاضر تھے ان کے نام خارج کر دیئے گئے۔ ان خارج شدگان کے اسماء کے آخر پر ضلع کے اندراج کی بجائے خارج کا لفظ لکھ دیا گیا ہے۔ فہرست شرکاء آخر میں ملاحظہ فرمالیجئے گا۔

ان تینوں امتحانات کے رزلٹ کو جمع کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا رہا۔ ہر پرچہ کے ۱۰۰ نمبر تھے تین پرچوں کے کل ۳۰۰ نمبرات تھے۔

اس تحریری امتحان میں جن حضرات نے اول، دوم، سوم پوزیشن حاصل کی ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

تحریری امتحان ...... پوزیشن ہولڈر طلباء کرام

نمبرشمار	رول نمبر	نام مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر
1	699	مولانا محمد ابوبکر بن دوست محمد	لاہور	295 اول
2	390	مولانا محمد فیضان بن محمد ندیم	ملیر، کراچی	291 دوم
3	432	مولانا محمد اسامہ بن محمد عثمان	کراچی	278 سوم

تعلیم کے اوقات یہ تھے۔ صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے تک تین پیریڈ درمیان میں ۲۰ منٹ وقفہ، ظہر کے بعد سے عصر تک دو گھنٹے، عشاء کے بعد بھی پڑھائی ہوتی رہی۔

حضرت مولانا توصیف احمد چناب نگر، مولانا فضل الرحمٰن منگلا شیخوپورہ کے یومیہ پروجیکٹر پر عشاء کے بعد اسباق ہوتے رہے۔ آدھے گھنٹے کا ایک سبق مفتی محمد دین نے بھی پروجیکٹر پر پڑھایا۔

تقریری مقابلہ

ختم نبوت کورس کے کل شرکاء کا داخلہ ۷۶۵ تھا۔ ۱۵، افراد پر مشتمل ایک گروپ تشکیل دیا گیا۔ کل ۵۱ گروپ تشکیل پائے۔ عشاء کے بعد پروجیکٹر کی تعلیم سے فارغ ہوتے ہی تمام طلباء ۵۱ گروپوں میں تقسیم ہو جاتے اور ان کی تقاریر شروع ہو جاتیں۔ یوں پوری مسجد و مدرسہ میں بیک وقت ۵۱ حضرات اپنی اپنی خطابت کے رنگ دکھلاتے جس سے پورے ماحول کے در و دیوار گونج اٹھتے۔ ہر گروپ کا ایک نگران مقرر ہوتا۔ ہر روز پانچ ساتھیوں کا بیان ہوتا۔ یوں ہر تیسرے دن میں تمام شرکاء کی تقریر کے لئے باری آجاتی۔

اس تقریری پروگرام کی نگرانی مدرسہ میں موجود اساتذہ کرام کرتے۔ تقاریر دن بھر کے اسباق کے خلاصے کے اردگرد گھومتیں۔ یوں موضوع کی پابندی کے ساتھ دن بھر کے اسباق کا تکرار بھی ہو جاتا۔ حق تعالیٰ تمام شرکاء کو بہت ہی جزائے خیر دے۔ انہوں نے تعلیم کے ساتھ ساتھ تقریر میں بھی مہارت پیدا کرنے کے لئے بھرپور محنت کا ثبوت فراہم کیا۔ اس سال تعلیم و تقریر دونوں کے حوالہ سے گزشتہ ۲۸ سال کے تمام نظم پر اس سال نمایاں کامیاب اور سودمند تبدیلی ملاحظہ کی گئی۔ جس کا باعث صرف یہ تھا کہ داخلہ کے لئے شرائط میں تعلیمی معیار کو بلند کیا گیا۔ جس کے نتائج بھی ظاہر و باہر کھلی آنکھوں سے ہر آدمی کو نظر آنے لگے۔ تمام ساتھیوں نے داخلہ میں معیار تعلیم کی بلندی کی شرائط پر اطمینان و تحسین کا اظہار کیا۔

آخری تین روز ان ۵۱ گروپوں میں سے ہر گروپ کا ایک ایک ساتھی لیا گیا۔ پھر ان ۵۱ حضرات کا تین دن یومیہ ۱۷، ۱۷ افراد کا تقریری مقابلہ ہوا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام رسول دین پوری، حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا فقیر اللہ اختر، مولانا توصیف احمد چناب نگر، مولانا خبیب احمد ٹوبہ، مولانا کلیم اللہ نعمان کراچی، مولانا محمد وسیم اسلم ملتان نے ان مقررین کا رزلٹ مرتب کیا۔ جن حضرات نے تقریری مقابلے میں اول، دوم، سوم پوزیشنیں حاصل کیں وہ یہ ہیں:

تقریری مقابلہ ...... پوزیشن ہولڈر طلباء کرام

نمبر شمار	رول نمبر	نام مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر
1	407	نصیب بخشا بن پلوس خان	شانگلہ	86 اول
2	225	سید رحیم بن محمدی شاہ	پشاور	85 دوم
3	114	اقارب اقبال بن مدثر اقبال	مانسہرہ	84 سوم

اس سال جامعہ عثمانیہ شورکوٹ کے مہتمم مولانا محمد زاہد انور بھی کورس میں تشریف لائے اور بیان کیا ان کا بیان ان کی نئی چھپ کر آنے والی تفسیر ''تلخیص البیان'' کے تعارف پر مشتمل تھا۔ انہوں نے اپنی تفسیر کے ساٹھ نسخے فارغ التحصیل علماء کرام کے لئے دیئے۔ چوں کہ کورس میں شریک فارغ التحصیل علماء کی تعداد بہت زیادہ تھی اس لئے ان علماء کرام میں تفسیر تلخیص البیان کو قرعہ اندازی سے تقسیم کیا گیا۔ قرعہ اندازی میں جو علماء کرام رہ گئے تھے۔ ان کو مولانا محمد رضوان قاسمی کراچی کی مرتب کردہ کتاب ''خطبات ختم نبوت'' کے دو جلدوں پر مشتمل سیٹ تقسیم کئے گئے۔ یوں کورس میں شریک جملہ علماء کرام کی امتیازی طور پر اس خدمت کی سعادت حاصل کی گئی۔

اس دفعہ کتاب ''ختم نبوت کورس'' مرتب کردہ مولانا مفتی مصطفیٰ عزیز فیصل آباد بھی تمام شرکاء کو پیش کی گئی۔ اس کے تعارف اور طرز تدریس پر مصنف کا بیان کرایا گیا۔ جس سے توقع ہے ملک بھر میں اس کتاب کے ذریعے سینکڑوں کورسز کا قدرت اہتمام فرمادے گی۔ **وماذلک علی اللہ بعزیز!**

اس سال داخلہ کے لئے کم از کم درجہ سادسہ کی شرط تھی۔ لیکن اس کے باوجود ۱۷ ساتھی ایسے تھے جو ان شرائط پر پورے نہیں اترتے تھے۔ ان ساتھیوں کا داخلہ روک دیا گیا۔ داخلہ کے اختتام پر چوں کہ وہ

لوگ کوئٹہ، خیبر پختونخواہ دور دراز علاقوں سے آئے تھے۔ ان کو واپس کرنا ایک اچھنبے اور تعجب کی بات تھی۔ اس لئے آخر میں ان کے داخلہ کا فیصلہ کیا گیا۔ تعلیم رہائش، امتحان، سند کی انہیں سہولت دی گئی۔ لیکن ان کے داخلہ کی تعلیمی شرط پوری نہ ہونے کے باعث انعامی کتب نہ دی گئیں۔ البتہ اعزازی طور پر ایک دو کتابیں دے دی گئیں اور واضح طور پر بار بار اعلان کیا گیا کہ اگلے سال تعلیمی شرط کے پورا نہ ہونے پر قطعاً داخلہ نہ دیا جائے گا۔

تقریب اسناد وانعامات

۲۷ر مارچ کی صبح نماز کے متصل بعد تمام شرکاء کو ناشتہ کرا دیا گیا۔ آٹھ بجے تقریب اسناد کا پروگرام شروع کر دیا گیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ناظم کورس مولانا عزیز الرحمٰن ثانی نے انجام دیئے۔ کورس کے مہمان خصوصی خانقاہ سراجیہ کے سجادہ نشین جمعیت علماء اسلام اور مجلس کے سرپرست اعلیٰ مولانا صاحبزادہ خلیل احمد صاحب تھے۔ دیگر مہمان گرامی کے اسماء گرامی یہ ہیں:

مہمان اختتامی تقریب

حضرت مولانا مفتی شہاب الدین پوپلزئی، حضرت مولانا عبیداللہ لاہور، مولانا مفتی محمد جمیل حافظ آباد، مولانا کلیم اللہ نعمان کراچی، احباب مانسہرہ جماعت، جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ، مولانا سیف اللہ چنیوٹ، مولانا قاری عبدالحمید حامد چنیوٹ، میاں رضوان نفیس لاہور، مولانا خالد محمود لاہور، مولانا سعید وقار لاہور، مولانا سعد اللہ لدھیانوی ٹوبہ، مولانا عبدالواحد نفیسی چنیوٹ، مولانا محمد عثمان چنیوٹ، بھائی محمد حارث فیصل آباد، مولانا فیاض مدنی سرگودھا اور مبلغین حضرات۔

یوں اس تقریب کا اختتام ۱۱ بجے قبل از دوپہر ہوا۔ آخری مؤثر جامع اور پر مغز بیان حضرت مولانا مفتی شہاب الدین پوپلزئی صاحب کا ہوا۔ اختتامی دعا پیر طریقت صاحبزادہ خلیل احمد صاحب نے کرائی۔ کورس کے اختتام پر تمام شرکاء کی الوداعی دعوت کی گئی۔ جس کے بعد ساتھیوں کی بسوں، کوچوں، ٹرینوں، ویگنوں کے ذریعے واپسی کا عمل شروع ہوا۔ تمام ساتھیوں کی خیر خیریت کے ساتھ گھروں میں پہنچنے کی اطلاع پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ **الحمد والشکر للہ تعالیٰ اوّلاً و آخراً!**

تمام شرکاء کی طرف سے آپ ﷺ کی روح مبارک کو بے حد و بے حساب تحفہ درود و سلام کے بعد اس تحریر کو یہاں ختم کرتے ہیں۔ **وما توفیقی الا باللہ!**

شرکاء کورس کی فہرست اسی شمارہ میں دوسری جگہ ملاحظہ ہو۔

توحید باری تعالیٰ اور ایک عام غلطی کا ازالہ

آخری قسط

مولانا محمد مسلم دیوبندی

خدا کے ان سچے فیصلوں اور صدہا خبروں کو جھٹلانا ہے جو ملائکۃ اللہ کے بارے میں پروردگار عالم کی طرف سے پایۂ ثبوت کو پہنچی ہوئی ہیں۔ یہ امر ناممکن ہے کہ حق جل مجدہ کی عظمت وعزت بھی دل میں موجود ہو۔ اوراس کے صادق ومصدوق ہونے کا بھی یقین ہو اور پھر اس کی بتائی باتوں اور چکائے ہوئے فیصلوں سے اس کو انکار ہو۔ ضرور خدا کی عزت وعظمت سے اس کا دل خالی ہے جو اللہ سبحانہ تعالی کی خبروں میں اس کو کلام ہے۔ جل مجدہ ایسے شورہ پشتوں کے حق میں ارشاد فرماتے ہیں۔ ’’من کان عدوّا لّلّٰه وملٰئکتهٖ ورسلهٖ وجبریل ومیکٰل فانّ الله عدوّ للکافرین (بقرہ:۹۸)‘‘ جو فرشتوں اور خدا کے رسولوں کا دشمن ہے اللہ اس کا دشمن ہے۔

یہی نتائج اللہ کے رسولوں اور ان کے احکامات سے انحراف اور روگردانی کی صورت میں نمایاں ہوتے ہیں۔ کسی نبی کی شان میں ہتک آمیز الفاظ زبان سے نکالنا جو ان کی برگزیدہ ہستی کے خلاف ہیں یا ان کے کسی حکم کو پائے استحقار سے ٹھکرادینا اور ان کے ان معجزات کو جو خدا کی طرف سے اپنی سچائی پر لائے تھے بدیں وجہ ان کے ماننے سے انکار کردینا کہ عادات انسانیہ کے خلاف ہیں سراسر زندقہ والحاد ہے۔ خدا کے رسول اس کے فرستادہ اور پیغامبر ہیں اور ان کے معجزات خداوندی سند ودستاویز۔ کسی قاصد یا ایلچی کے بے عزتی دراصل اس بادشاہ کی ہتک عزت ہے جس کی طرف سے یہ منتخب کردہ ایلچی پیغامبری پر مامور ہے۔ اور اس کی وہی جرأت کرسکتا ہے جس نے بادشاہ کے مقابلہ میں علم بغاوت کا بلند کیا ہو یا اس کے دل میں رعب شاہی کی جگہ گستاخی اور شوخ چشمی نے لے لی ہو۔

اللہ کی کتاب اور صحیفے ان میں لکھی ہوئی خبریں اور احکام سے گردن کھینچنا یا اس کے کسی فیصلے کے خلاف لب کھولنا۔ اور ان میں کسی قسم کی تبدیلی کرنا خدا کی عظمت اور اس بلند تقدس پر حملہ ہے۔ اس لئے دین الٰہی کے فیصلے اور احکام جنکا ثبوت شرعی نقطہ نگاہ میں بدیہی اور یقینی ہے۔ اور اس کا مفہوم اور مراد بھی بالکل واضح اور کھلی ہوئی ہے ایسے ضروریات دین سے انکار کرنا یا اپنی رائے سے کوئی تبدیلی پیدا کردینا یقیناً موجب کفر ہے۔

فتح المغیث شرح الفیہ الحدیث ج ثالث میں مکتوب ہے کہ ضروریات دین جن کا ثبوت شریعت میں قطعی اور یقینی ہے اور اس کی مراد بھی ظاہر اور قطعی ہے ان مین تاویل کرنا اور اس کو ظاہر عبارت سے پھیر دینا

شرعاً غیر مسموع اور ناجائز ہے (جیسا کہ قرآن مجید کے صریح معجزات کے انکار کرنے والے ان میں تاویلیں کر کے معجزات کی اصلیت پر پردہ ڈالنے کی بے سود کوشش کرتے ہیں)۔اس کے علاوہ عقائد کی دوسری کتابوں میں بھی ضروریات دین کے انکار اور رد کو کفر لکھا ہے۔ علاوہ ضروریات دین کے انکار کے چند اور چیزیں بھی ہیں جن کے ارتکاب سے کفر عائد ہوتا ہے۔ وہ بھی محض اسی وجہ سے کہ ان چیزوں کے ارتکاب سے عظمت باری تعالیٰ پر ناقابل تلافی صدمہ پہنچتا ہے۔ مثلاً (۱) استحلال معصیت اور (۲) استہانت بالمعصیت کو کفر لکھا ہے یعنی اگر کوئی گناہ کو حلال جان کر اس کا مرتکب ہوا ہے یا خدا کی معصیت اور نافرمانی کو ایک حقیر شئے تصور کرتا ہے تو وہ مردود بارگاہ لم یزلی میں گھسنے کے قابل نہیں۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی تکمیل الایمان میں تحریر فرماتے ہیں کہ ’’استحلال المعصیت صغیرة کانت او کبیرة واستخفافها کفر‘‘ یعنی اس گناہ کو جس پر شریعت میں قطعی طور پر نہی وارد ہو چکی ہے اس کو حلال جاننا اور ہلکا سمجھنا چھوٹا گناہ ہو یا بڑا کفر ہے۔

ایسے ہی شریعت کی (۳) استہانت اور اس سے (۴) استہزاء اور اس کا مذاق اڑانا بھی کفر عظیم ہے۔(۵) نصوص قطعیہ کا رد اور (۶) ہزل بالکفر بھی کفر ہے۔ مثلاً قیامت اور حشر جسمانی کا انکار کرنا۔ یا کلمہ کفر بطریق استہزاء اور مذاق کے زبان سے نکالنا دونوں بددینی اور خداوندی معاملات میں گستاخی کا پتہ دیتے ہیں۔ تصدیق کاہن اور نجومی کی جو غیب دانی کا دعویٰ کرتا ہے اس کو سچا اور صادق من اللہ سمجھنا بھی کفر ہے۔ کیونکہ یہ فعل اور ایسا عقیدہ خدا کی ذات پر بھروسہ کرنے کے منافی ہے۔ اور جب دنیا کی ہر عظمت اور بڑائی اسی بلند اور بالا ہستی کے ساتھ مخصوص ہوئی تو جس عزت اور تعظیم کا وہ اہل ہے اس کے سوا غیر کی عظمت کو دل میں جگہ دینا ایک ناقابل تلافی جرم کا ارتکاب ہے۔

خدا کا دروازہ چھوڑ کر غیر کی چوکھٹ پر جبہ سائی کرنا۔ یا منتیں اور دل کی مرادیں مانگنا اور جو تعظیم اس منعم حقیقی کی ذات کے شایان شان تھی اس کو غیر اللہ کے لئے جائز رکھنا اسی طرح اللہ کے فیصلے کے مقابلے میں غیر کے حکم پر گردن جھکا دینا یہ سب امور خدا کے دل میں وقعت اور عزت نہ ہونے کی نشانیاں ہیں۔ خدا کی الوہیت تسلیم کرنے کے بعد پہلا فرض جو ہم پر عائد ہوا وہ یہی تھا کہ اس کے حکم کے سامنے گردن تسلیم ورضا کی جھکاتے ہوئے اپنی آرزوؤں اور پیش آنے والی حاجتوں کو اس کے آگے کھول کر رکھ دیں۔ جب انسانی مشکلات کی گتھی خدا کے سوا کسی ضعیف اور کمزور ناخنوں کو سلجھانے کے لئے دیدی گئی تو اس کے صاف اور صریح معنی یہی ہوئے کہ غیر اللہ میں وہ قدرت اور طاقت کا احساس کیا گیا ہے جس کے سہارے دنیا کے کام انجام پا رہے ہیں۔ اور اب اسی وجہ سے ان کو مشکل کشائی کے لئے منتخب کیا ہے اور یہ عین زندقہ اور الحاد

ہے۔’’عصمنا اللہ عن االغوایۃ و وفّقنا بالخیر‘‘۔

دنیا کا سچا مذہب کون سا ہے: اب تک جو کچھ ضبط تحریر ہوا محض صحت اعتقاد اور خدا کی نسبت اصلاح خیال کا ایک معمولی خاکہ تھا۔ جو انسانی کمالات کا پہلا زینہ ہے۔ اس کے علاوہ مکارم اخلاق اور حسن معاشرت انسانی ترقی کے دو قیمتی ہیرے ہیں۔ کسی مذہب کی صداقت صحت اعتقاد کے بعد اخلاقی اور معاشرتی خوبیوں میں مضمر ہے۔ گو انسانی اخلاق کی درستی اور حسن سلوک اور برتاؤ کا اچھا ہونا ایک ایسا اجمالی مفہوم ہے کہ ہر شخص خواہ کسی مذہب وملت سے تعلق رکھتا ہو وہ اس کا گرویدہ اور متلاشی ضرور ہے۔ اور ان میں سے بعض انسانی اخلاق یا حسن سلوک کے راستے ایسے بھی ہیں جس کی خوبی اور سقم کا علم بذریعہ انسانی عقل کے ایک حد تک ہو جاتا ہے۔ مثلاً چوری وزنا عیاشی ایسے افعال ہیں کہ ان کی قباحت معمولی نظر کے آدمی پر بھی مخفی نہیں ہے۔ غریبوں پر احسان کرنا۔ پڑوسیوں سے اچھا برتاؤ رکھنا اور معاملات زندگی کو خوشگوار بنانا ہر شخص اپنا فریضہ زندگی سمجھا ہوا ہے۔ چنانچہ بعض ایسے لوگ جو باطل پرستوں سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی اس قسم کے اخلاقی درستی میں سبقت لئے ہوئے ہیں۔ لیکن بعض ایسے اخلاق بھی ہیں جو اعمال صالحہ کا نتیجہ اور ثمرہ ہیں۔ یا تو ان کی عمدگی اور برائی کا علم بدون خداوندی تعلیم کے عقل انسانی سے دریافت کرنا دوبھر ہو گیا ہے۔ اس لئے ایک ایسے طریقہ حسنہ اور سچے مذہب کی ضرورت ہے جس کی تعلیم اور اس کے بتائے ہوئے عمل کی پابندی اخلاقی خوبیوں کی صورت میں منتج ہو۔ اور اس کی پیروی ایک ایسی پختہ خیالی اور ضبط نفس پیدا کر دے جس سے جملہ اخلاقی خوبیاں اس میں جمع ہو جائیں اور بالکل بے لوث ہو جائے۔ ادھر اس کا تعلق خدا کے ساتھ گہرا اور مضبوط ہونے لگے۔ بس وہ مذہب کہ جس کے اصول اور فروع کی پابندی تمام انسانی کمالات کی ذمہ دار ہو۔ ایسا مذہب یقیناً دنیا کا اکیلا اور سچا مذہب ہوگا۔

آؤ! تھوڑی دیر کے واسطے بروئے عقل وانصاف دنیا کے مختلف مذاہب پر ایک گہری نظر ڈال کر دیکھیں کہ حق وصداقت کا حامی کون سا مذہب ہے۔ واللہ ایسا مذہب کہ جس کے اصول کی پابندی انسان کو پستی کے گڑھے سے نکال کر اوج کمال تک پہنچا دے۔ یقیناً وہ مذہب اسلام ہی ہے۔ اگر کسی شخص کو ہمارے دعویٰ میں بوئے کذب آتی ہو تو وہ آزما دیکھے کہ اس مذہب کی پابندی اس کو کدورت انسانی سے پاک کر کے ملائکۃ اللہ کی صف میں لاکر کھڑا کرتی ہے یا نہیں۔ حق وصداقت کی کسوٹی پر اسلام اور اس کے مقابلے میں دنیا کے دوسرے مذاہب کے اصولوں کو جانچنے والا بالآخر یہی کہے گا ’’الا انّ ھدی اللہ ھو الھدیٰ‘‘۔

’’توفنی مسلما والحقنی بالصٰلحین‘‘

’’آخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العالمین‘‘

مناظرۃ الہند الکبریٰ یعنی ہندوستان کا عظیم مناظرہ

قسط نمبر 5 ...... متکلم اسلام مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ ...... ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری

آگرہ (اکبرآباد) کا دوسرا مشہور ''بڑا مناظرہ''

''شیخ رحمت اللہ کیرانویؒ'' کی ''پادری فنڈر'' سے خط وکتابت

دوسرے بڑے مناظرہ کا پس منظر اور مراسلت وخط وکتابت کے اسباب

ا...... شیخ رحمت اللہؒ کا آگرہ (موجودہ اکبرآباد) کی جانب پہلا سفر تو اتفاقیہ سفر تھا، ''آگرہ'' پہنچ کر وہاں کے علماء اور عوام وخواص سے مل کر آپ نے یہ اندازہ لگا لیا کہ ''تبلیغ عیسائیت'' کا فتنہ ایک خطرناک فتنہ ہے جو مستقبل کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ خدانخواستہ اس سیلاب کے آگے اگر بند نہ باندھا گیا تو پورے ملک کو بہا کر لے جائے گا۔ اور خدا تعالیٰ کے ہاں ہم مؤاخذہ سے نہیں بچ سکیں گے۔ اور دیکھا کہ لوگوں کے دلوں میں ایمان کی شمع ہلکی سی ٹمٹما رہی ہے، کہیں اس فتنہ کا معمولی سا جھونکا اسے بجھا نہ دے۔ اس تصوّر نے ''شیخ رحمت اللہ کیرانویؒ'' کو بے چین کر دیا، اور آپ نے ''آگرہ'' ہی میں یہ تہیہ کر لیا تھا کہ اس بلا کے سیلابِ رواں کو روکنا اور اس کا سدِّ باب کرنا وقت کا سب سے بڑا اہم فریضہ ہے۔ اگر میری لاش بھی اس سیلاب کو روک سکتی ہے اور وہ بھی اس راہ میں کام آ جائے تو میں اسے اپنی سعادت سمجھوں گا۔

۲...... نیز ''آگرہ'' کے اس سفر سے حریف کی طاقت کا بھی اندازہ ہو گیا کہ وہ کن مسائل کو زیادہ تر چھیڑتے ہیں؟ اور ''مذہبِ عیسوی وانجیل'' کی تعلیم کی اشاعت کے سلسلہ میں ہمارے شکوک وشبہات اور اعتراضات کے جوابات کس طرح اور کن مآخذ سے دیتے ہیں؟ اور پھر اس سلسلہ میں ان کا مبلغِ علم کیا اور کتنا ہے؟ اور اس بات کا اندازہ بھی لگا لیا کہ ''مذہبِ عیسوی'' کی قدیم کتابوں، اور ''عہدِ قدیم وجدید'' کے بارے میں بنیادی معلومات، اور ان کتابوں کے ''شارحین ومفسرین'' کے خیالات واختلافات، اور خود عیسائی فرقوں میں مابہ النزاع مسائل کیا ہیں؟ ہر فریق دوسرے فریق پر کیا الزامات عائد کرتا ہے؟ اور ان کے اعتراضات کیا ہیں؟ پھر ''تورات وانجیل'' کے اصل نسخوں کے متعلق ان کے مشائخ اور اسلاف کی کیا آراء ہیں؟ اور ان کتابوں کے کن اجزاء کی صداقت پر اظہارِ اطمینان کرتے ہیں؟ اور کن اجزاء کو جھوٹا اور ''الحاقی'' گردانتے اور کہتے ہیں۔ جب تک یہ وسیع تر معلومات مطالعہ کے زور پر حاصل نہ کر لی جائیں

پادریوں کی زبان کو لگام نہیں دی جاسکتی۔

۳…… شیخ رحمت اللہ کیرانویؒ پہلے مناظرہ کے دو تین دن بعد ’’آگرہ‘‘ سے واپس ’’کیرانہ‘‘ آگئے تھے اور واپسی کے بعد تقریباً تین مہینے ’’عیسائی لٹریچر‘‘ کا شب وروز بھرپور مطالعہ کرنے میں رات دن ایک کردیا۔ اور ’’عیسائیت وکلیسا کی تاریخ‘‘ کا اس قدر مکمل طور پر مطالعہ کرلیا کہ ان کے کسی بڑے سے بڑے عالم کا بھی شاید اتنا مطالعہ نہ ہو۔ شیخ رحمت اللہؒ اب ہر طرح سے مطمئن ہوکر اور پورے اعتماد کے ساتھ ’’عیسائیت‘‘ کے اس تیز رَو دھارے میں کود پڑنے کے لئے تیار ہوگئے۔ اور یہ کہہ کر ’’ہر چہ باداباد! ما کشتی در آب انداختیم‘‘ عزم بالجزم کرلیا۔ (کیا خوب کہا کسی نے:؂

کچھ سمجھ کر ہی ہوا ہوں موجِ طوفاں کا حریف　　ورنہ میں بھی جانتا ہوں! عافیت ساحل میں ہے

مترجم)

۴…… چونکہ پہلے مناظرہ اور بحث ومباحثہ کی شہرت پھیل چکی تھی اس لئے شیخ رحمت اللہ کیرانویؒ سے ’’دہلی‘‘ اور ’’آگرہ‘‘ کے اکابر علماء اور سربرآوردہ مسلمانوں نے درخواست کی کہ پادریوں کے ساتھ ’’مجمعِ عام‘‘ میں مناظرہ ضروری ہے، کیونکہ (۱): پادریوں کی یک طرفہ تقریروں سے مسلمانوں میں ’’تذبذب‘‘ اور ’’شک وارتیاب‘‘ کا جو زہر پھیل رہا ہے اس کا مکمل طور علاج ضروری ہے، اور اس کے ماہر طبیب آپ نظر آرہے ہیں اور سب کی ترستی ہوئی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں، اور حق کی ناؤ کا ملاح اس وقت آپ کے علاوہ اور کوئی نظر نہیں آرہا۔ مسلمانوں نے کہا: اگرچہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس کے لئے بھرپور تیاری ضروری ہے کیونکہ پادریوں کی پشت پر اس وقت پوری حکومت کھڑی ہے۔ ہر جگہ حکومت کی انتظامیہ موجود ہے۔ اور حکومت کے ہندوستانی ملازمین کا کوئی بھروسہ نہیں کہ وہ کیا رویہ اختیار کرتے ہیں، اس لئے ہر طرح کے حالات سے نبردآزما ہونے کے لئے خود کو تیار کرنا ہوگا، تب جاکر پادریوں سے مجمعِ عام میں مناظرہ ہو سکتا ہے۔ (۲): اور دوسری طرف ’’پادری فنڈر‘‘ اپنی ہمہ دانی کے زعم میں ’’دہلی کی جامع مسجد‘‘ کی سیڑھیوں پر کھڑے ہوکر برابر مسلمانوں کو چیلنج کررہا ہے۔ تو ضروری ہے کہ اس کے چیلنج کو قبول کرکے اسلام کی حمایت اور مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کی جائے! تاہم! مذکورہ بالا امور دوسرے بڑے مناظرہ کا پسِ منظر اور پیشِ منظر بھی ہیں اور ’’مراسلت مذہبی‘‘ اور خط وکتابت کا سبب بھی۔ اب آئندہ سطور میں ’’شیخ رحمت اللہؒ‘‘ کی آمد اور مراسلت وخط وکتابت کا حال ملاحظہ فرمائیں!۔

شیخ رحمت اللہؒ کی دوبارہ ’’آگرہ‘‘ میں آمد، اور ’’پادری فنڈر‘‘ کے چیلنج کو قبول کرنا

ماقبل میں جن حالات کا تذکرہ کیا گیا ہے ’’شیخ رحمت اللہ کیرانویؒ‘‘ ان تمام حالات سے پوری

طرح باخبر تھے، اس لئے ’’کیرانہ‘‘ میں تین مہینے بھرپور تیاری میں گزار کر ’مارچ‘‘ میں ’’آگرہ‘‘ جانے کے ارادے سے سب سے پہلے ’’دہلی‘‘ تشریف لے گئے، آپ کے سامنے اب کام کا پورا خاکہ موجود تھا، چنانچہ آپ نے ’’دہلی‘‘ پہنچ کر سب سے پہلے ’’مہاراجہ بنارس‘‘ کے مختار ’’مولوی امیر اللہ‘‘ سے ملاقات کی جو ’’شیخ رحمت اللہؒ‘‘ کے بہت ہی مخلص دوست تھے اور حکومت میں بھی اچھا خاصا اثر رکھتے تھے، اور ’’پادری فنڈر‘‘ سے بھی ان کے اچھے مراسم و تعلقات تھے۔ شیخؒ نے ان سے مل کر اپنا عندیہ ظاہر کیا کہ میں ’’پادری فنڈر‘‘ کے چیلنج کو قبول کرنے کے لئے تیار ہو کر آیا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے ساتھ ’’آگرہ‘‘ چلیں اور ’’پادری فنڈر‘‘ سے بالمشافہہ دو بدو گفتگو کر کے مناظرہ کے شرائط، مقام اور تاریخ طے کر لیں۔ شیخؒ کی ترغیب سے مولوی امیر اللہ تیار ہو گئے، اور ’’مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ‘‘ کے ہمراہ ’’آگرہ‘‘ پہنچ گئے۔ ’’آگرہ‘‘ پہنچنے کے بعد دونوں حضرات ’’پادری فنڈر‘‘ سے ملنے ان کی قیام گاہ پر گئے، وہاں پہنچنے کے بعد معلوم ہوا کہ ’’پادری فنڈر‘‘ گھر پر نہیں ہے۔ دونوں حضرات وہاں سے واپس آ گئے، لیکن دل میں چونکہ عزم راسخ تھا اس لئے مایوس نہیں ہوئے۔ اور وہیں ’’آگرہ‘‘ میں ٹھہر گئے، اور یہ فیصلہ کر لیا کہ جب تک ’’پادری فنڈر‘‘ سے مناظرہ کی حتمی وقطعی تاریخ طے نہیں ہو جاتی ہم یہاں قیام کریں گے۔ ’’مولوی امیر اللہ صاحب‘‘ مختار ’’مہاراجہ بنارس‘‘ سرکاری مصروفیتوں کی وجہ سے ’’دہلی‘‘ لوٹ گئے۔

’’شیخ رحمت اللہؒ‘‘ نے اب بالمشافہہ بات کرنے کی بجائے مصلحت یہ سمجھی کہ تمام معاملات تحریری طور پر طے کئے جائیں (اور مناظرہ کا اصول بھی یہی ہے) تاکہ تمام معاملات قید تحریر میں لا کر بطور سند کے محفوظ رکھے جائیں، اور بوقت ضرورت وہ کام آ سکیں۔ چنانچہ آپ نے خط و کتابت کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اس طرح شیخ کو مسلسل دو ہفتوں سے زائد وقت اس خط و کتابت میں صَرف کرنا پڑا۔ یہ سارے خطوط بحیثیت ’’تاریخی دستاویز‘‘ کے محفوظ ہیں۔ اس لئے اسی زمانہ میں ’’سید عبداللہ اکبرآبادی‘‘ نے دونوں طرف کے خطوط لے کر ایک رسالہ میں (فارسی زبان میں) جمع کر دیا (کیونکہ اس زمانہ میں فارسی زبان سرکاری سطح پر رائج تھی)، اور چھپوا کر تمام مسلمانوں اور اپنوں و بیگانوں کے لئے عام کر دیا۔ ان خطوط سے قارئین کو اس بات کا خاص طور پر اندازہ ہو گا کہ ’’شیخ کیرانویؒ‘‘ کو ’’پادری فنڈر‘‘ کے گھیرنے اور اسے بحث و مباحثہ اور مناظرہ کے لئے قابو کرنے میں کتنے پاپڑ بیلنے پڑے۔ اور اس محنت سے ’’شیخ کیرانویؒ‘‘ کے اخلاص، جوشِ عمل اور عظمتِ کردار کا بھی پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ اسی لئے ان خطوط کو مکمل طور پر نقل کرنا مناظرہ کا اہم ترین حصہ اور جزو بھی ہے اور تاریخی دیانت داری بھی۔ لیجئے! اب ملاحظہ کیجئے! خط و کتابت کا سلسلہ جن کا دوسرا نام ’’مذہبی مراسلت‘‘ بھی ہے۔

’’شیخ رحمت اللہ کیرانویؒ‘‘ کی جانب سے ’’پادری فنڈر‘‘ کو پہلا خط

چونکہ ’’شیخ رحمت اللہؒ ‘‘ پہلے ’’مولوی امیر اللہ صاحبؒ‘‘ کے ساتھ ’’پادری فنڈر‘‘ کی قیام گاہ پر گئے تھے تاکہ اس سے بالمشافہہ اور آمنے سامنے گفتگو کر کے اسے مجمعِ عام میں مناظرہ کرنے پر آمادہ کرسکیں مگر اتفاق سے وہ گھر پر موجود نہیں تھا، ملاقات نہ ہوسکی، جب وہ ’’آگرہ‘‘ آیا تو آپ نے اس کو خط لکھا: ’’میں آپ کے شہر ’’آگرہ‘‘ میں ایک کام سے آیا تھا (وہ کام ’’اعجاز عیسوی‘‘ کتاب کی طباعت کا تھا)۔

چنانچہ میں اس میں بہت ہی مصروف رہا، اب میں فارغ ہوگیا ہوں۔ اب ’’دہلی‘‘ جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ میرے دل میں قطعی دلائل کی بنیاد پر یہ بات پیوست ہے کہ تورات وانجیل دونوں منسوخ ہوچکی ہیں، اور ان میں تحریفات بھی کی گئی ہیں۔ اب میں سوائے دینِ اسلام کے کوئی مذہب حق نہیں سمجھتا، میرا یہ یقین اتنا پختہ ہوچکا ہے کہ اس کے خلاف میرے دل ودماغ میں وہم بھی نہیں گزر سکتا۔ میں نے آپ حضرات کی بہت سی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے، ان میں سے کئی کتابوں کے میں نے جوابات بھی لکھے ہیں۔ آپ کو ’’ملتِ اسلامیہ‘‘ کی تردید میں زیادہ دلچسپی ہے اور اس کے لئے آپ پوری جدوجہد کررہے ہیں۔ مجھے مخدوم ومحترم جناب امیر اللہ صاحب کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ آپ کو اپنے علمی کمال پر ناز ہونے کی وجہ سے دیگر حضرات سے علمی مباحثہ جس طرح تحریری طور پر پسند ہے، اسی طرح تقریری طور پر بحث ومباحثہ سے بھی آپ کو خاصی دلچسپی ہے۔

آپ نے حکم دیا تھا کہ میں آپ کے درِ دولت کدہ پر حاضری دوں! اس لئے میں فاضل محترم مولوی امیر اللہ صاحب کی معیت میں حاضر بھی ہوا تھا، مگر افسوس کہ آپ سے ملاقات کا شرف حاصل نہ ہوسکا، کیونکہ اس وقت آپ گھر پر موجود نہیں تھے، یہ میری بدقسمتی کہ آپ کے گھر سے بلا ملاقات ناکام واپس ہوا۔ میری خواہش ہے کہ مذکورہ بالا مسائل پر کچھ لوگوں کی موجودگی میں آپ کی تقریر سنوں اور اس سے استفادہ کروں۔ حاضرین میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے چند اہلِ علم اشخاص وافراد بھی شامل ہوں اور میں اپنے خیالات کا اظہار کروں تاکہ حاضرین مجلس آپ کے افادات کی قدر ومنزلت کو سمجھ سکیں۔ نیز آپ نے اپنی ’’کتب وتالیفات‘‘ کے آغاز میں غیر مبہم الفاظ میں یہ تحریر فرمایا ہے: ’’کہ مسلمانوں اور مسیحیوں کے مابین متنازعہ فیہ مسائل میں سے ’’نسخ وتحریف‘‘ سب سے اہم مسئلہ ہے۔ اور دونوں میں سب سے زیادہ اختلاف اسی مسئلہ پر واقع ہے‘‘۔ اور آپ نے اپنی کتاب ’’حل الاشکال‘‘ کے شروع میں لکھا ہے: ’’کہ سب سے پہلے اسی مسئلہ پر مباحثہ اور گفتگو ضروری ہے‘‘۔ بندۂ فقیر (شیخ رحمت اللہؒ) بھی آپ کی اس عمدہ رائے

سے سو فیصد متفق ہے اور اس کی تائید کرتا ہے، اور بڑی فراخ مزاجی وخوش دلی سے اس بات پر تیار ہے کہ سب سے پہلے انہیں دونوں مسئلوں پر سیر حاصل گفتگو کی جائے۔

ان ہر دو مسائل پر بحث وتمحیص کے بعد پھر دیگر ان مسائل پر مباحثہ اور گفتگو ہو! جو فریقین متفقہ طور پر باہمی رضامندی سے آپس میں طے کرلیں!۔ اگر جناب عالی کو بندۂ فقیر کی یہ درخواست و امر منظور ومقبول ہے تو از راہِ کرم! ہمارے اور اپنے درمیان ''بحث ومباحثہ'' کے لئے کوئی بھی ''مقام و تاریخ'' متعین فرما کر مجھے مطلع فرما دیں! تاکہ فی الوقت والحال میں ''آگرہ'' میں قیام پذیر رہوں، اور تاریخ و وقتِ مقرر پر میں حاضر ہو جاؤں! اور پھر اس سے فارغ ہو کر ''دہلی'' واپس چلا جاؤں! اس لئے کہ اس شہر (آگرہ) میں میرا (اس مناظرہ ومباحثہ کے علاوہ) اور کوئی دوسرا کام نہیں ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ تقریری مناظرہ کی منظوری یا نامنظوری سے بندۂ فقیر کو مطلع فرمائیں گے۔ علاوہ ازیں! میں نے ''دہلی'' کے قیام کے دوران اپنی کتاب ''ازالۃ الاوہام'' آپ کی خدمت میں ارسال کی تھی، امید ہے آپ کو مل گئی ہو گی۔ اور میرا غالب گمان ہے کہ میرا دوسرا رسالہ ''احسن الاحادیث فی ابطال التثلیث'' بھی آنجناب کو مل گیا ہوگا۔ اور میری تیسری کتاب ''اعجاز عیسوی''، جس کی ترتیب سے میں انہیں دنوں فارغ ہوا ہوں! عنقریب آپ کی خدمت میں پیش کروں گا! اس کتاب میں میں نے آپ کی کتاب ''میزان الحق'' کے ''باب اول'' کی ''تیسری فصل'' کو مکمل کر کے اس کے ایک ایک جملہ کا جواب دیا ہے۔ اس کے بعد ان شاء اللہ! اور کتاب ''ازالۃ الشکوک'' بھی جلد ہی آپ کو پہنچ جائے گی جس میں ''کراچی'' کے ایک نئے عیسائی ہونے والے ایک ''ہندوستانی پادری'' کے سوالات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔ عرصہ ہوا کتاب مرتب ہو چکی ہے لیکن ''آگرہ'' آجانے کی وجہ سے اس کی طباعت میں تاخیر ہو رہی ہے۔

میں جوں ہی یہاں سے ''دہلی'' لوٹوں گا وہ کتاب بھی طبع ہو جائے گی۔ میرے ایک دوست نے آپ کی کتاب ''حل الاشکال'' کا جواب ''الاستشہاد'' کے نام سے لکھا ہے۔ وہ بھی آپ کی خدمت میں ارسال کردوں گا۔ اور میں نے آپ کی کتاب ''میزان الحق'' کے جواب میں ایک کتاب ''معدل اعوجاج المیزان'' کے نام سے لکھی ہے وہ عنقریب ان شاء اللہ! طبع ہو جائے گی اور آپ کے پاس پہنچ جائے گی۔ الغرض! جو کتاب بھی لکھی اور طبع ہوتی جائے گی وہ آپ کی خدمت میں پہنچتی رہے گی!

ھدانا اللّٰہ و عبادہ اجمعین الیٰ معرفۃ الحق، و وفقنا للسلوک علیٰ طریق المستقیم، و خلصنا من التعصب و الامور المضرّۃ للاٰخرۃ. اٰمین''!

رحمت اللہ ...... ۲۲ جمادی الاخریٰ ۱۲۷۰ھ، مطابق ۲۲ مارچ ۱۸۵۴ء

حضرت مولانا محمد قاسم قاسمی رحمۃ اللہ علیہ کی حیات وخدمات

مولانا پروفیسر ظفر اللہ شفیق ایچی سن کالج لاہور

حضرت مولانا محمد قاسم قاسمیؒ فقیروالی کی ولادت ۸ ربیع الاول ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۹۳۷ء کو حضرت مولانا فضل محمدؒ کے گھر ہوئی۔ چار سال کی عمر میں قرآن مجید کا پہلا سبق اپنے والد محترم حضرت مولانا فضل محمدؒ سے پڑھا۔ مولانا محمد قاسم قاسمیؒ نے قیام پاکستان سے قبل اپنے والد محترم مولانا فضل محمد کے ہمراہ دس دن شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کے ہاں دیوبند قیام کیا اور رہبر فارسی کا سبق ان سے پڑھا اور سید اصغر حسین شاہ سے بھی سبق پڑھا۔ پہلے سال کا امتحان لینے کے لئے دارالعلوم دیوبند کی طرف سے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق اکوڑہ خٹک والے ۲۶ تا ۲۹ رجب ۱۳۶۶ھ کو جامعہ قاسم العلوم فقیروالی آئے اور مولانا محمد قاسم قاسمیؒ کا بھی امتحان لیا۔ جب جامعہ ہذا کی مسجد کا سنگ بنیاد رکھنے کے لئے مولانا منظور احمد نعمانیؒ مدیر الفرقان لکھنو، فقیروالی تشریف لائے تو مولانا محمد قاسمؒ کو ان سے بھی ابتدائی سبق پڑھنے کا اعزاز حاصل ہوا۔

۱۹۵۵ء میں آپ نے دورہ حدیث جامعہ قاسم العلوم فقیروالی میں ہی کیا اور بخاری شریف مولانا مفتی فاروق احمد انصاریؒ سے پڑھی جو حضرت مولانا خلیل احمد انبیٹھوی سہارنپوریؒ صاحب بذل المجہود کے شاگرد تھے۔ مولانا مفتی فاروق احمد انصاریؒ فرماتے تھے کہ میں نے بچپن میں اپنے والد مکرم مولانا صدیق احمدؒ کے ہمراہ قطب الاقطاب مولانا رشید احمد گنگوہی کی زیارت کی تھی۔ چنانچہ اس لحاظ سے بھی قاسمی صاحب کی علمی سند اور نسبت بڑی بلند پایہ ہوئی اور اسی طرح آپ کے ایک اور استاد حضرت مولانا مفتی فقیر اللہ رائے پوریؒ اسیر مالٹا شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کے براہ راست شاگرد تھے۔

آپ عوام خواص علماء، سیاستدانوں، افسران اور حکام بالا کی نظر میں نہائت عزت واحترام کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ آپ ہر دلعزیز نہائت بااخلاق، ملنسار، نرم مزاج اور بیدار شخصیت کے مالک تھے، آپ نے ضلع بہاول نگر میں قیام امن کے لئے موثر کردار ادا کیا۔ آپ تحصیل، ضلع وڈویژنل امن کمیٹی کے اہم ارکان میں شمار ہوتے تھے اور علاقے کی سیاست میں آپ کا اہم کردار ہوتا مقامی چیئرمین وہی بنتا جس کو آپ کی حمایت حاصل ہوتی۔ آپ اس وقت پاکستان کی مشہور قدیمی درسگاہ جامعہ قاسم العلوم فقیروالی کے مہتمم تھے آپ کے دور اہتمام میں جامعہ نے ہر اعتبار سے ترقی کے منازل طے کئے۔ آپ کا سب سے بڑا کارنامہ جامعہ میں ایک وسیع وعریض نہائت ہی خوبصورت جدید وقدیم کا حسین امتزاج لئے ہوئے دومنزلہ

لائبریری کی تعمیر ہے جس میں چالیس ہزار سے زائد کتب قارئین کے مطالعاتی ذوق کو تسکین فراہم کرتی ہیں۔

مارچ ۱۹۸۰ء میں دارالعلوم دیوبند کے سوسالہ اجلاس میں اپنے والد محترم مولانا فضل محمدؒ کے ہمراہ دس افراد کے قافلہ کے ساتھ شرکت کی۔ ۲۳ فروری ۱۹۸۱ء کو آپ کے والد بزرگوار مولانا فضل محمدؒ کے انتقال کے بعد آپ کو مجلس شوریٰ نے متفقہ طور پر جامعہ کا مہتمم مقرر کیا ۱۸ مارچ ۱۹۸۵ء کو بہاولپور سرکٹ ہاؤس میں پاکستان کے وزیر اعظم محمد خان جونیجو سے علماء کے ایک وفد کے ہمراہ ملاقات کی اور شریعت بل کے نفاذ کا بھرپور مطالبہ کیا۔ ۳ جنوری ۱۹۸۷ء کو حضرت مولانا محمد شریف وٹو صاحب کی وفات کے بعد آپ کو جمعیت علمائے اسلام ضلع بہاولنگر کا اتفاق رائے سے امیر چنا گیا۔

۱۹۹۴ء اور ۱۹۹۹ء میں آپ نے دومرتبہ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ جولائی ۱۹۹۷ء میں نواز شریف حکومت میں مہنگائی اور بے روزگاری کے خلاف پریس کانفرنس کی جس پر حکومت نے حق بات کہنے کی پاداش میں تین ماہ کے لئے نظر بند کر دیا لیکن عدالت نے سات دن کے بعد رہا کر دیا۔ اپریل ۲۰۰۱ء میں دارالعلوم دیوبند کی ڈیڑھ سوسالہ خدمات کانفرنس منعقدہ پشاور میں شرکت کے لئے ۱۵۰؍ افراد پر مشتمل قافلہ کی قیادت کی۔ ۲۰۰۲ء میں آپ کو جمعیت علمائے اسلام ضلع بہاولنگر کا سرپرست اور مولانا یوسف قریشی کو امیر منتخب کیا گیا۔ آپ نے ساری زندگی عجز وانکساری سے گزاری اور ہر وقت اسلام کی سربلندی اور دین کی اشاعت کے لئے سرگرداں رہے۔ ۲۰۰۴ء میں دل کے بائی پاس آپریشن کے باعث جامعہ کی تمام ذمہ داری مولانا مسعود قاسم قاسمی کے سپرد کر دیں اور خود جامعہ ہذا کے مہتمم اعلیٰ کے عہدہ پر فائز رہے۔ کافی عرصہ سے گردوں کے عارضہ میں مبتلا تھے ۲۸؍ جنوری ۲۰۲۲ء کو بوقت جمعہ کلمہ طیبہ اور قرآن کریم کی یہ آیت: ’’ان اللہ ربی و ربکم فاعبدوہ ھذا صراط مستقیم‘‘ پڑھتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے۔ اگلے روز ہزاروں افراد نے جنازے میں شرکت کی۔ غلہ منڈی اور فقیر والی کے تمام بازار سوگ میں بند کر دیئے گے اور یہ جنازہ بہاولنگر کی تاریخ کا بڑا جنازہ تھا۔

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

ملک الموت کی چپت

ایک دفعہ شوکت تھانوی سخت بیمار پڑے، یہاں تک کہ ان کے سر کے بال جھڑ گئے۔ دوست احباب ان کی عیادت کو پہنچے اور بات چیت کے دوران میں ان کے گنجے سر کو بھی دیکھتے رہے، سب کو متعجب دیکھ کر شوکت تھانوی بولے: ’’ملک الموت آئے تھے، صورت دیکھ کر ترس آ گیا، صرف سر پر ایک چپت رسید کر کے چلے گئے۔‘‘ (کشت زعفران ص ۱۴۴)

جناب محمد ظہور عثمانی رحمۃ اللہ علیہ الوداع

جناب سید شجاعت علی شاہ مانسہرہ

شاعر ختم نبوت حضرت سید امین گیلانیؒ کی مشہور نظم کا ایک شعر:

ناز کیوں کر نہ کریں آپ سے نسبت والے　　لوگ کہتے ہیں ہمیں ختم نبوت والے

اس شعر کے مصداق مجاہد ختم نبوت جمعیت علماء اسلام کے مداح جناب محمد ظہور عثمانی ۱۸ مارچ ۲۰۲۲ء کو اس دار فانی سے کوچ فرما گئے۔ نماز جنازہ اسی روز شام چار بجے غازی کوٹ کے مقام پر مولانا مفتی وقار الحق عثمان خطیب مرکزی جامع مسجد مانسہرہ کی اقتداء میں ادا کی گئی۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی نمائندگی اسلام آباد کے مبلغ مولانا محمد طیب فاروقی نے کی۔

محمد ظہور عثمانی جناب جمعہ خان صاحب کے گھر مانسہرہ کے نواحی گاؤں غازی کوٹ کے مقام پر پیدا ہوئے۔ آسودہ حال گھرانے میں پرورش ہوئی اور خوب ٹھاٹھ باٹھ سے زندگی گزاری۔ صوبہ سرحد کے اعلیٰ تعلیمی ادارے اسلامیہ کالج پشاور میں بی اے تک تعلیم حاصل کی۔ مرورِ زمانہ کے ساتھ حالات تبدیل بھی ہوئے اور مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ مگر مستقل مزاجی طبیعت کا حصہ تھی۔ سب کچھ سہہ گئے۔

۱۹۶۰ء کی دہائی میں مرکزی جامع مسجد مانسہرہ کے خطیب مولانا عبداللہ خالدؒ کے دامن سے جڑے تو ایسا مضبوط تعلق بنا کہ مرتے دم تک قائم رہا۔ مولانا مرحوم نے عثمانی صاحب کو ختم نبوت کے دفاع کے کام سے جوڑا تو اپنی خداداد صلاحیتوں کی بنیاد پر وہ کارہائے نمایاں سرانجام دیئے جو یقیناً ان کی بخشش کا ذریعہ اور درجات کی بلندی کا سبب بنیں گے۔ خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ کندیاں شریف سے تعلق قائم ہوا۔ حضرت خواجہ خواجگان خان محمدؒ کے دست حق پرست پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور گاہے بگاہے خانقاہ شریف حاضر ہوتے رہے۔ کبھی کبھار خط کے ذریعہ بھی حضرت والا کو اپنے حالات سے آگاہ کرتے اور حضرت والا دعاؤں کے ساتھ اصلاح بھی فرماتے۔ صحائف مرشدیہ جو حضرت کے مکتوبات شریفہ کا مجموعہ ہے کے صفحہ ۴۶۳، ۴۶۴ پر عثمانی صاحب کے نام درجن کے قریب مکتوب تحریر ہیں۔

ظہور عثمانی صاحب نے تحفظ ختم نبوت کے کام کو اپنی زندگی کا مقصد اور ہمیشہ کے لئے اوڑھنا بچھونا بنائے رکھا۔ گھر میں ہوں یا گھر کے باہر مرکزی جامع مسجد میں ہوں یا کہیں انتظامیہ کے دفتروں میں ہمہ وقت مشغول کار رہتے۔

آہ! حضرت مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی کا سانحۂ ارتحال

جناب سید محمد اکبر شاہ بخاری

جامعہ دارالعلوم کراچی کے استاذ الحدیث اور مفتی حضرت مولانا محمود اشرف عثمانی ۲۷ر فروری ۲۰۲۲ء بروز اتوار بوقت مغرب اس جہان فانی سے دار آخرت کی طرف روانہ ہوگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! آپ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ کے پوتے، حضرت مولانا محمد زکی کیفیؒ کے صاحبزادے اور مفتی اعظم حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی اور شیخ الاسلام حضرت مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ کے بھتیجے تھے۔ ان کا شمار اس وقت جید علماء وفقہاء میں ہوتا تھا، ان کا خاندان سیدنا حضرت عثمان غنیؓ سے ملتا ہے۔ یہ خاندان دیوبند کے اعلیٰ خاندان شیوخ عثمانی جو دارالعلوم دیوبند کے بانیوں میں بھی شمار ہوتا ہے اور اپنی علمیت وشرافت کے لحاظ سے بھی ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔

دیوبند کے عثمانی خاندان میں ممتاز اکابر علماء ومشائخ گزرے ہیں جن میں حضرت مولانا ذوالفقار علی دیوبندیؒ، مولانا فضل الرحمٰن عثمانیؒ، حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن عثمانیؒ دیوبندی، مفتی عزیز الرحمٰن عثمانیؒ، مولانا حبیب الرحمٰن عثمانیؒ، مولانا محمد یاسین عثمانیؒ، شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، علامہ ظفر احمد عثمانیؒ، مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع عثمانی دیوبندیؒ جیسے نامور حضرات شامل ہیں۔

تقسیم ملک کے بعد مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ دیوبندی اور ان کی اولاد ہجرت فرما کر پاکستان آگئے اور شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے ایماء پر کراچی میں آباد ہوگئے۔ مفتی اعظمؒ کے بڑے صاحبزادے مولانا محمد زکی کیفی مرحوم لاہور میں قیام پذیر ہوئے اور ''ادارہ اسلامیات'' کے نام سے انارکلی میں دینی کتب کی اشاعت کا عظیم ادارہ قائم فرمایا جو ملک بھر میں معروف ومشہور ادارہ ہے۔

حضرت مولانا محمود اشرف عثمانی غالباً ۱۹۵۱ء میں مولانا محمد زکی کیفیؒ کے گھر پیدا ہوئے۔ دینی تعلیم اوّل تا آخر جامعہ اشرفیہ لاہور میں حاصل کی اور اکابر علماء ومشائخ کی آغوش شفقت میں تربیت پائی اور ۱۹۷۰ء میں جامعہ اشرفیہ لاہور سے سند الفراغ حاصل کی۔ پھر جامعہ اسلامیہ مدینہ یونیورسٹی میں کئی سال تحصیل علوم کے لئے قیام پذیر رہے۔ آپ نے کئی عمرے اور حج کی سعادت حاصل کی۔ واپس آکر اساتذہ جامعہ اشرفیہ کے حکم پر جامعہ اشرفیہ میں درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا اور کئی سال تک جامعہ ہی میں تدریسی خدمات انجام دیں اور مختلف علوم وفنون کی کتابیں پڑھاتے رہے۔ پھر عم محترم شیخ الاسلام مولانا مفتی

محمد تقی عثمانی مدظلہ کے حکم پر جامعہ دارالعلوم کراچی تشریف لے گئے۔ جہاں افتاء میں تخصص بھی کیا اور تدریسی وعلمی وتصنیفی سلسلہ بھی شروع کیا اور ۱۹۹۰ء میں باقاعدہ دارالعلوم کراچی میں رہائش پذیر ہوگئے۔

دارالعلوم کراچی میں تمام علوم وفنون زیر درس رہے، اعلیٰ درجہ کی کتب بھی پڑھاتے رہے، بخاری شریف تک کتابیں پڑھائیں اور ساتھ ہی ساتھ افتاء کی ذمہ داری بھی آپ کے سپرد ہوئی جس میں آپ نے ترقی کی منازل طے کیں اور تقریباً ایک لاکھ فتاویٰ آپ کے قلم سے نکلے اور آپ دارالعلوم میں استاذ الحدیث اور دارالافتاء میں منصب مفتی کی خدمات انجام دیتے رہے۔ بہت سی دینی وعلمی تصانیف بھی آپ کے قلم سے منصۂ شہود پر آئیں۔ آخر دم تک علمی تدریسی وفقہی خدمات انجام دیں۔

سلوک وتصوف میں بھی اعلیٰ مقام حاصل کیا۔ حکیم الامت حضرت تھانویؒ کے سلسلہ سے وابستہ رہے اور حضرتؒ کے خلیفہ حضرت حاجی محمد شریف ہوشیارپوری سے بیعت وخلافت کا شرف حاصل کیا اور اصلاحی تعلق قائم رکھا۔ ان کے بعد حضرت مولانا مسیح اللہ خان شیروانیؒ سے باقاعدہ اصلاحی تعلق قائم کیا اور اس کو آخر دم تک قائم رکھا۔ آپ کے اساتذہ وشیوخ میں حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ، مفتی جمیل احمد تھانویؒ، مولانا عبیداللہ اشرفیؒ، مولانا عبدالرحمٰن اشرفیؒ، مفتی محمد رفیع عثمانی، مفتی محمد تقی عثمانی اور دیگر حضرات شامل ہیں۔

آپ اخلاق واوصاف میں اسلاف کی یادگار تھے نہایت متواضع، منکسرالمزاج، بااخلاق، ملنسار اور زہد وتقویٰ میں اپنی مثال آپ تھے۔ مجلس صیانۃ المسلمین سے وابستہ رہے اور تبلیغ واشاعت میں بڑا کام کیا۔ احقر راقم سے بڑے گہرے تعلقات رہے اور احقر کی متعدد کتب ادارہ اسلامیات لاہور وکراچی سے خود انہوں نے اپنے ادارہ سے طبع کروائیں اور ہمیشہ شفقت ومحبت کا برتاؤ کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائیں۔ آمین۔ ان کی وفات موت العالِم موت العالَم کا مصداق ہے۔

لائبریری ومرکز ختم نبوت منڈی بہاؤالدین کی تعمیر کا آغاز

محض اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے لائبریری ومرکز ختم نبوت منڈی بہاؤالدین کی تعمیر کے لئے بنیادوں کی کھدائی مکمل ہوکر بجری روڑہ بھرنے کا عمل شروع ہے۔ ۲۸ رشعبان ۱۴۴۳ھ مطابق یکم اپریل ۲۰۲۲ء بروز جمعہ کو باقاعدہ تعمیر کا آغاز کیا جارہا ہے۔ قارئین لولاک وجماعتی احباب سے اس کی بہترین، خوبصورت، پائیدار تعمیر اور بروقت تکمیل کے لئے دعاؤں کی درخواست ہے۔ حق تعالیٰ شانہ اس کی فوری تعمیر وتکمیل کے لئے آسانی کا معاملہ فرمائیں۔ خیروبرکت سے سرفراز فرمائیں۔ ہمہ قسم کی مہربانی وسہولت سے مالامال فرمائیں۔ آمین بحرمة النبی الامی الکریم!

(محمد قاسم مبلغ وخادم ختم نبوت منڈی بہاؤالدین)

آہ! ...... حضرت مولانا کمال الدین آزاد رحمۃ اللہ علیہ

جناب محمد کامران نسیم

میرے محبوب ہر دل عزیز شخصیت استاد محترم استاذ العلماء ہم سب کے مربی ومحسن حضرت مولانا کمال الدین آزاد کی جدائی کا ایسا نشتر پیوست کر گئے کہ رہتی دنیا تک ان کی یاد ستاتی رہے گی۔ حضرت کی موت بھی اتنی پر سعادت کہ ایک دن قبل مدرسہ کی طالبات کو بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا اور دوسرے دن ۲۳ فروری ۲۰۲۲ء بروز بدھ ظہر کی نماز ادا کر کے اللہ رب العزت کی بارگاہ میں مشغول تھے کہ روح پرواز کر گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!

جمعیت علما اسلام جموں وکشمیر کے سرپرست اعلیٰ اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کے امیر تھے۔ طالب علمی دور میں جمعیت طلباء اسلام سے اپنی تربیت کا آغاز کیا اور اپنے اکابرین کی صحبت میں رہ کر ایسا نکھار اپنی زندگی میں لائے کہ وہ اپنے اکابرین کی زندہ تصویر نظر آتے تھے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کے امیر اول حضرت مولانا محمد الیاسؒ چناری والوں کے خاص شاگردوں میں سے تھے۔ کثیر تعداد میں اکابر علماء کرام کی شاگردی کا شرف حاصل ہوا۔ جن میں شیخ الحدیث مولانا ادریس کاندھلویؒ، شیخ الحدیث مولانا غلام رسول خانؒ، مولانا عبدالقادر آزادؒ، شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ، شیخ الحدیث مولانا یوسف خان پلندری والے قابل ذکر ہیں۔ اپنے استاد حضرت مولانا یونس ہزارویؒ کے انتقال کے بعد حضرت مولانا محمد الیاس صاحب چناری والوں نے انکا تقرر ھجیرہ کی جامع مسجد مدینہ عربیہ ہجیرہ میں بطور امام وخطیب کے فرمایا۔ آپ نے اپنی صلاحیتوں سے ہجیرہ میں مسجد کے ساتھ مدرسے کا نظام جس احسن انداز سے شروع کیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ جامعہ مدینہ عربیہ میں ھزاروں طلباء وطالبات آپ کے شاگرد بنے۔ تقریباً ۱۷ سال تک بنات میں بخاری شریف آپ پڑھاتے رہے۔ ۲۳ سال میں ایک مرتبہ قرآن کریم کا درس القرآن نمازِ ظہر سے قبل مکمل کیا اور تکمیل کے موقع پر اپنے استاد یادگار اسلاف مولانا محمد الیاسؒ چناری والوں کو اپنے ہاں بلایا۔ دوبارہ قرآن کا درس دیتے ہوئے ۱۷ پاروں کا درس مکمل کر چکے تھے کہ بیماری کی وجہ سے وہ عرصہ ۴ ماہ سے نہ دے سکے۔ رمضان المبارک میں تراویح کے بعد خلاصہ قرآن بیان کرتے کیا انداز ہوتا تھا کہ ہر کوئی عش عش کرتا تھا۔ وفات سے ایک دن قبل تکمیل بخاری شریف کی آخری حدیث بھی آپ نے پڑھائی پھر نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد دعا کرتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

مجاہد ختم نبوت حضرت علامہ محمد اکرم طوفانی رحمۃ اللہ علیہ

قاری محمد بخش ہلال پور سرگودھا

ہائے ہائے چل دیئے محمد اکرم طوفانی بھی
چھن گئی ہم سے اللہ کی یہ مہربانی بھی

ان جیسا اب مبلغ لائیں گے ہم کہاں سے
وہ تو نکل گئے ہیں فانی اس جہاں سے

اان جیسا اللہ والا، مصطفیٰ ﷺ والا نہیں ہے
نہیں ہے جاں فروش ایسا نہیں ہے

وہ تو تن دھن کی لگا دیتے تھے بازی
ان جیسا مجاہد کہاں ان جیسا غازی کہاں

وہ جہاں، جہاں بھی گئے دیواروں کو ہلایا
سچوں کو جگایا، جھوٹوں کو دبایا، بھگایا

اپنے نبی آخریؐ کے جھنڈے کو لہرایا
پرخچے اڑائے قادیانیت کے اسے گھر پہنچایا

ببانگ دہل تھے لگاتے وہ نعرۂ مستانہ
مدتوں یاد رکھے گا انہیں بے قدرا زمانہ

اللہ انہیں جنت الفردوس میں "جا" دے
اخلاف کو ان جیسی ایفاء دے اور وفا دے

علمائے امت مصطفیٰ سب بن جائیں مجاہد
ختم نبوت کا ہے مبلغ سب سے بڑا زاہد

عزت وناموس رسالت کا جسے پاس نہیں ہے
وہ جو بھی ہو امتی خاص نہیں ہے

غیرت نبوت ورسالت نہیں کچھ بھی نہیں
مرزائی، قادیانی سے نفرت نہیں کچھ بھی نہیں

اللہ، حضرت اکرم کو خاصوں میں جگہ دیں
رسول اکرم ان کو اپنے نواسوں میں جگہ دیں

اس حافظ خاطی کا محمد اکرم کو سلام
ہو قبول ان کا بارگاہ خداوندی میں کام

مولانا ظفر علی خان اور فتنۂ قادیانیت

قسط نمبر: 7　　حکیم عنایت اللہ نسیم سوہدروی

رفع التباس کے لئے یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ یونیورسٹی کے طلبا کی غالب ترین اکثریت مذکورہ بالا تینوں قسم کے لوگوں کے شہ اور منفی سرگرمیوں سے بڑی حد تک بیگانہ ہونے کی وجہ سے تقریباً محفوظ تھی۔ لیکن اس خوش فہمی میں کہ فی الحال ''سب خیریت ہے'' ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہنا بھی درست نہ ہوتا۔

یہ تھے وہ حالات جن کے تحت مولانا ظفر علی خان کو ۱۹۳۴ء اور ۱۹۳۶ء میں اور ایک بار مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو علی گڑھ کے دورے کی دعوت دی گئی۔ مولانا علی گڑھ کالج کی قرن اوّل کے اولڈ بوائے تھے، جنہوں نے فارغ التحصیل ہونے کے بعد اپنی چالیس سالہ بھرپور سیاسی زندگی میں ہر میدان اور ہر محاذ پر بڑے بڑے معرکے مارے تھے۔ بقول علامہ اقبالؒ مولانا کو قدرت نے وہ قلم عطا فرمایا تھا جس کی روانی دشمنان دین وملت کے فاسد مقاصد وعقائد کی کاٹ میں بڑے بڑے مجاہدین کی تلوار سے کم نہ تھی۔ جنگ بلقان، جنگ طرابلس، جنگ عظیم میں شکست کے نتیجے میں سلطنت عثمانیہ کے حصے تجزیے، ترکان احرار کی مجاہدانہ عزیمت کے طفیل ایشیائی ترکی کا دشمن کے پنجۂ خونیں سے بچ نکلنا، مصطفیٰ کمال کے ہاتھوں یونان کی شکست فاش اور فتح سمرنا، سرزمین حجاز سے برطانوی جاسوس کرنل لارنس کے مرغ دست آموز شریف مکہ کا فرار اور آل سعود کی کامیابی، جنگ عظیم میں یورپی اتحادیوں کی عالم اسلام پر تاخت وتاراج ۱۹۱۹ء کا مارشل لاء اور امرتسر کے جلیانوالہ باغ کا حادثۂ فاجعہ، مسجد کانپور کی شہادت، تحریک خلافت کے دوران اور بعد میں برطانیہ اور مسلمانوں کے درمیان ہر قسم کی محاذ آرائی، مغلپورہ کالج کے انگریز پرنسپل کے خلاف ایجی ٹیشن، شدھی اور سنگھٹن کے فتنے، ۲۹،۱۹۲۸ء میں غازی امان اللہ خان کے خلاف بچہ سقہ کی بغاوت، اس میں جنرل نادر خاں کا کردار، کانگریس کی حمایت اور بعد میں مخالفت، تحریک شہید گنج وغیرہ وغیرہ حادثات وواقعات میں سے کوئی ایک مسئلہ بھی ایسا نہیں جس میں مولانا نے مرکزی یا نمایاں طور پر مخلصانہ کردار ادا نہ کیا ہو۔

یہ سب کچھ باشعور اور بالغ نظر اساتذہ اور طلبائے مسلم یونیورسٹی کی لوح دل ودماغ پر نقش تھا۔ وہ لوگ جو یونیورسٹی کے وقتی جمود وسکوت سے کچھ پریشان اور کبیدہ خاطر تھے۔ مولانا کے گزشتہ روشن کارناموں کی بناء پر ہی ان سے عقیدت ومحبت نہیں رکھتے تھے بلکہ ان کی مجاہدانہ قیادت سے مستقبل کی توقعات بھی وابستہ کرتے تھے۔ سیاسی، فکری، علمی اور ادبی خدمات کے ساتھ خالص دینی خدمات میں بھی وہ مجاہدانہ عزیمت کے ساتھ قیادت کا حق ادا کر چکے تھے۔ فتنہ قادیاں کے استیصال کے لئے ہندوستان کے مسلمانوں کو

پوری طرح بیدار اور متحرک کردینے میں علماء کرام کی مساعی کے ساتھ ساتھ مولانائے موصوف اور ان کے اخبار ''زمیندار'' کا جہاد ختم نبوت کے تحفظ کی تاریخ کا ایک مستقل اور روشن باب ہے۔

مولانا کے ساتھ علی گڑھ والوں کی محبت وارادت صرف ایک بزرگ ''اولڈ بوائے'' ہونے کے باعث ہی نہیں بلکہ ایک عظیم مجاہد اور بلند کردار قائد کی حیثیت بھی تھی۔ علی گڑھ کا حق تھا کہ مولانا اس کے نوجوان فرزندوں کی رہنمائی کریں۔ عام واقعاتی پس منظر کے علاوہ جو اوپر بیان کیا گیا ہے کچھ ایسے فوری اسباب بھی پیدا ہوگئے مصروفیات بے پناہ تھیں کہ بظاہر مولانا کی طرف سے علی گڑھ کے دورے کی دعوت قبول کرلینا محال نظر آرہا تھا۔ اندریں حالات یونین کے عہدیدار کسی ایسے قاصد کی تلاش میں تھے جو مولانا کو اپنے ذاتی اثر ورسوخ سے علی گڑھ پہنچنے پر مائل ہی نہیں بلکہ مجبور بھی کرسکے۔ مآل کار: ''قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند'' جیسا کہ پہلے ذکر آچکا ہے۔ دعوتی خط لے کر راقم لاہور پہنچا۔ الحمدللہ کہ دو تین روز کی کوشش کے بعد مولانا نے علی گڑھ کا وعدہ فرمالیا۔ یہ وعدہ لے کر شاداں فرحاں راقم واپس علی گڑھ پہنچا ہی تھا کہ اگلے روز لاہور سے مولانا نے بذریعہ تار یہ مژدہ سنایا کہ وہ ۲۴؍نومبر ۱۹۳۴ء ساڑھے دس بجے میل ٹرین سے علی گڑھ پہنچ رہے ہیں۔

علی گڑھ میں مولانا کا ورود مسعود اور عدیم النظیر استقبال

علی گڑھ کالج نے یونیورسٹی بنتے اور یونیورسٹی نے تقسیم ملک تک کم وبیش ساٹھ ستر سال کی مدت سے بے شمار بڑی بڑی ہستیوں کا استقبال کیا۔ جن میں مختلف ممالک کے سربراہ، ہندوستان کے متعدد وائسرائے، صوبائی گورنر، والیان ریاست، ملک گیر اور بین الاقوامی شہرت کے سیاسی لیڈر، شہرہ آفاق ارباب علم وہنر اور مختلف روحانی پیشوا شامل ہیں۔ لیکن چشم فلک نے صرف تین ایسے استقبال دیکھے ہیں جن میں ''سرخ کارپٹ'' کی جگہ دیدہ ودل فراش راہ کئے گئے۔ یہ عدیم النظیر استقبال صرف تین فرزندان ملت کو نصیب ہوا اور یہ تین عالی مرتبت ہستیاں ہیں (۱) علامہ اقبال، (۲) ظفر علی خان اور (۳) قائداعظم محمد علی جناح۔ حکیم الامت اقبال جب ورود فرمائے علی گڑھ ہوئے تو ان کو ریلوے ٹرین سے زمین پر قدم نہیں رکھنے دیا گیا تھا۔ یونیورسٹی تک لے جانے کے لئے ان کے دیوانوں نے انہیں اپنے شانوں پر اٹھالیا تھا۔ قائداعظم اور ان کی واجب الاحترام ہمشیرہ جب ریلوے ٹرین سے اتر کر اسٹیشن کے باہر چار گھوڑوں والی وکٹوریہ گاڑی میں فروکش ہوئیں تو گھوڑے کھول کر الگ کردیئے گئے تھے اور گاڑی کو طلباء خود کھینچ کر ایک منظّم اور منضبط جلوس کی صورت میں قائداعظم کے لئے مخصوص قیام گاہ تک لے گئے تھے۔

مولانا ظفر علی خان کو بھی اسی طرح ایک کھلی کار میں بٹھایا گیا تھا۔ کار کا انجن بند کردیا گیا تھا، فرط عقیدت ومحبت میں ہزاروں طلبا نے کار کو خود دھکیل کر اولڈ بوائز لاج تک پہنچایا تھا۔

ریلوے اسٹیشن کا منظر اور اسٹیشن کے باہر مولانا کی مختصر تقریر

مولانا کی آمد آمد کی خبر نہ صرف یونیورسٹی کی حدود میں بلکہ علی گڑھ شہر میں بھی ان کے پہنچنے سے ایک روز قبل آناً فاناً پھیل چکی تھی۔ درمیان میں صرف ایک رات تھی جو ''طول شب فرقت سے بھی دو ہاتھ بڑی'' دکھائی دے رہی تھی۔ یہ رات اکثر و بیشتر طلباء نے استقبالی کتبے اور نعرے تیار کرنے اور پھولوں کے ہار مہیا کرنے میں گزار دی تھی، انتظار کی گھڑیاں لحہ لحہ ختم ہو کر وہ صبح سعید طلوع ہوئی جو اپنی نورانی کرنوں کے فروغ کے ساتھ آفتاب ملت ظفر علی خان کو لائی ؎ صبح عام صبح کاہے کو تھی، صبح عید تھی، یونیورسٹی کمپلیکس میں ہر طرف مسرت انگیز چہل پہل کا سماں تھا۔ طلبا اجلی وردیوں اور دمکتے چہروں کے ساتھ خوش رنگ پھولوں کے ہار لئے مختلف ٹولیوں میں پیدل اور سوار ریلوے اسٹیشن کی طرف رواں دواں تھے۔ دوسری جانب شہر کی طرف سے اسٹیشن پہنچنے والوں کا بھی یہی حال تھا۔ ٹرین کی آمد سے کوئی ایک گھنٹہ پیشتر ہی ریلوے اسٹیشن کا وسیع و عریض پلیٹ فارم طلبا سے اٹ چکا تھا۔ تاحد نگاہ ترکی ٹوپیاں، سیاہ شیروانیاں اور پھولوں کے ہاروں سے مزین ہاتھ نظر آ رہے تھے۔ اسٹیشن کا عملہ اور آنے جانے والے مسافر حیران تھے کہ یہ کون خوش قسمت انسان ہے جس کے اعزاز میں رنگ و نور اور ذوق و شوق کا یہ طوفان امڈ رہا ہے۔

پیرجی عبدالجلیل رائے پوری چیچہ وطنی

پیرجی عبدالجلیل رائے پوری بھی ۱۸ فروری ۲۰۲۲ء کو آخرت سدھار گئے۔ انا ﷲ وانا الیہ راجعون! آپ حضرت مولانا پیرجی عبدالعزیز رائے پوری المعروف حضرت گیارہ والے کے بھتیجے اور حضرت پیرجی عبداللطیف رائے پوری درس پیرجی بلاک ۶ والے کے بیٹے تھے۔ جمعیت علماء اسلام ضلع ساہیوال کے سرپرست اعلیٰ اور حضرت سید نفیس الحسینیؒ کے خلیفہ مجاز تھے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بہی خواہان میں آپ کا شمار تھا۔ آپ کی نماز جنازہ رائے علی نواز سٹیڈیم میں اداء کی گئی۔ شہر بھر کی مذہبی و سیاسی اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ آپ کا جنازہ چیچہ وطنی کی تاریخ کا بڑا جنازہ تھا۔ (مولانا عبدالحکیم نعمانی)

مولانا غلام مصطفیٰ منچن آبادی چناب نگر ضلع چنیوٹ کا سانحہ ارتحال

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر ضلع چنیوٹ کے رہنما مولانا غلام مصطفیٰ منچن آبادی چند روز علیل رہنے کے بعد یکم اپریل ۲۰۲۲ء کو الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں داغ مفارقت دے گئے۔ انا ﷲ وانا الیہ راجعون! اللہ رب العزت مولانا مرحوم کی تمام تر دینی خدمات خصوصاً عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ پر عظیم خدمات کو قبول فرمائیں۔ قارئین لولاک سے مولانا مرحوم کی مغفرت کے لئے دعاؤں کی درخواست ہے۔

تحفظ ختم نبوت اہمیت وفضیلت

مولانا ظفر اللہ سندھی

ایمانیات میں عقیدہ ختم نبوت ہی وہ ستون ہے جس پر اسلام کی عمارت کھڑی ہے یہ اسلام کی چوٹی اور کوہان ہے۔ اس عقیدہ سے ذراسی بھی روگردانی اپنے آپ کو ہلاکت اور تباہی میں ڈالنا ہے۔ اسلام میں عقیدہ ختم نبوت کو وہی مقام حاصل ہے جو انسانی جسم میں روح کو حاصل ہے۔ اگر روح کو جسم سے جدا کر دیا جائے تو سارا جسم بے حس، بے حرکت اور بے جان ہو جاتا ہے۔

ختم نبوت دین کی اساس ہے، ختم نبوت دین کی روح ہے، ختم نبوت دین کی آبرو ہے، جو شخص تحفظ ختم نبوت کا کام کرتا ہے وہ کلمہ طیبہ کی حفاظت کرتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی توحید کی حفاظت کرتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے قرآن کی حفاظت کرتا ہے، وہ ناموس رسالت ﷺ کی حفاظت کرتا ہے، وہ انبیائے سابقین علیہم السلام کی صداقت کی حفاظت کرتا ہے، وہ فرشتہ وحی حضرت جبرئیل علیہ السلام کے امین ہونے کی حفاظت کرتا ہے، وہ احادیث رسول اللہ ﷺ کی حفاظت کرتا ہے، وہ مکہ مکرمہ کی حرمت کی حفاظت کرتا ہے، وہ مدینہ منورہ کی عصمت کی حفاظت کرتا ہے، وہ روضہ رسول اللہ ﷺ کی ناموس کی حفاظت کرتا ہے، وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عزتوں کی حفاظت کرتا ہے، وہ اہل بیت رضی اللہ عنہم کے تقدس کی حفاظت کرتا ہے، وہ ملت اسلامیہ کے ایمان کا چوکیدار ہے، وہ وحدت امت کا نقیب ہے، وہ پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کا محافظ ہے، وہ وطن عزیز کے خلاف سازشیں کرنے والے غداروں کے لئے مجاہد کبیر ہے اور وہ یہود ونصاریٰ کی خطرناک چالوں کو ناکام بنانے والا بیدار مغز سپاہی ہے۔

جو شخص تحفظ ختم نبوت کا کام نہیں کرتا۔ افسوس وہ ان تمام اسلامی عظمتوں سے پہلوتہی کرتا ہے، منہ موڑتا ہے، بے رغبتی کا مظاہرہ کرتا ہے کیونکہ یہی عہد حاضر کا سب سے بڑا جہاد ہے۔ یہی وقت کی آواز ہے، یہی اسلام کی صدا ہے، یہی عشق رسول اللہ ﷺ کی دلیل ہے اور یہی شفاعت رسول اللہ ﷺ کا ذریعہ ہے۔

یاد رکھئے! جس جگہ حضور ﷺ کی ختم نبوت پر ڈاکہ زنی ہو رہی ہو وہاں ختم نبوت کی حفاظت کرنا ہم اور آپ پر فرض عین ہے۔ اس سے ذرا سا بھی اعراض کرنا خود کو حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔

تبصرہ کتب

تبصرہ کے دو کتب کا آنا ضروری ہے ...... مبصر: مولانا اللہ وسایا

مواعظ حمیدیہ (چار جلدیں): افادات: مولانا قاضی حمید اللہ خان: ترتیب: مولانا قاسم نظام پوری: صفحات: جلد اوّل ۳۱۶: جلد دوم ۲۶۷: جلد سوم ۲۸۰: جلد چہارم: ۲۵۲: رابطہ 0300-6491449

دنیا جانتی ہے کہ مولانا قاضی حمید اللہ خان صاحب ایک متبحر معقولی ومنقولی فاضل اجل استاذ، نامور مدرس، قادر الکلام خطیب، سیاستدان اور عالم ربانی تھے۔ آپ گوجرانوالہ انوار العلوم کے شیخ الحدیث، جامعہ مظاہر العلوم کے بانی، جمعیت علماء اسلام پنجاب کے امیر تھے اور گوجرانوالہ سے قومی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے۔ آپ حق گو، نڈر اور بہادر قائد تھے۔ پرویزی حکومت میں غیر ملکی وغیر اسلامی ثقافت کو ہمارے ملک پر مسلط کرنے کے لئے ایک خوفناک طوفان کی طرح حکومتی سطح پر کوشش کی گئی اس دور میں ''مراتھن ریس'' کو ایسے متعارف کرایا گیا کہ ہماری یونیورسٹیوں اور کالجوں میں پڑھنے والی نوجوان لڑکیوں کو جانگیے پہنا کر سڑکوں پر دوڑایا گیا۔ جگہ جگہ سرکاری سطح پر سب سے آباد سڑکوں پر یہ ریس منعقد کرائی گئی۔ سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں کے ہزاروں نوجوان، عوام وخواص تماش بین لوگوں کے سڑکوں پر ٹھٹھ کے ٹھٹھ دیکھ کر اندازہ ہوتا تھا کہ نیم برہنگی اور عریانی کا سیلاب پورے ملک کے حیا اور شرم کو خس وخاشاک کی طرح بہا کر لے جائے گا۔ پورے ملک میں باقاعدہ میراتھن ریس کے شیڈول کا اعلان کیا گیا۔ لاہور کی سڑکوں پر کامیاب میراتھن ریس کے بعد یہ بے حیائی کا ریلا گوجرانوالہ کی سڑکوں پر موجزن ہوا۔ تب مولانا حمید اللہ خان یہاں کے قومی اسمبلی کے ممبر تھے۔ آپ اپنے رفقاء کے ساتھ اچانک دفعۃً میراتھن ریس کے جلوس کے سامنے نمودار ہوئے۔ انہوں نے کسی متوقع صورت حال کے پیش نظر اپنے ہاتھوں میں حفاظتی ڈنڈے اٹھا رکھے تھے۔ ان کو ایسے کام میں لایا گیا کہ شرکاء خواتین نے سراسیمہ ہو کر ایسی دوڑ لگائی کہ آناً فاناً بھگدڑ مچی۔ سڑکیں خالی ہوگئیں، عریانی نے پسپائی اختیار کر لی، روشن خیالی، منہ کالی ہوگئی۔ حیا وشرم کامیاب ہوگیا اور پاکستان کی سڑکوں سے میراتھن ریس ہمیشہ کے لئے دم دبا کر ایسی بھاگ نکلی جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ پرویزی حکومت مارے ناکامی کے ندامت کے عرق آلود ہوگئی۔ بے حیائی وعریانی نے ایک عالم دین کے ہاتھوں وہ شکست وپسپائی اختیار کی کہ پاکستان میں حیاء سروقد ہوگیا۔

یہ ایک عالم دین کی جرأت و بہادری کا وہ شاندار عملی مظاہرہ تھا جس پر روئے زمین کے نام نہاد روشن خیال اشکبار نظر آئے۔ جرأت و بہادری کے علمبردار مولانا حمید اللہ خاں جہاں عالم ربانی تھے، جہاں آپ کامیاب فاضل اجل اور نامور محقق مدرس تھے وہاں آپ ایک قادر الکلام ادیب و خطیب بھی تھے۔ ان کی فصاحت و بلاغت پر ایک زمانہ گواہ ہے۔ ان کا بیان خالصۃً سبق پڑھانے کا انداز لئے ہوئے ہوتا۔ وہ کسی ایک موضوع کو لیتے اور طلاقت لسانی اور مربوط دلائل سے چند منٹوں میں سامعین ان کی مٹھی میں ہوتے۔ ایسا پراثر علمی دلائل سے بھرپور، دلوں میں اترنے والا بیان اس کی اس زمانہ میں مثال خطباء میں تلاش کرنا مشکل ہے۔ وہ عقلی و نقلی دلائل سے اب شاندار ماحول بناتے کہ دنیا ششدر ہو جاتی۔ ضرورت تھی کہ آپ کے ان خطبات کو کتابی شکل میں لایا جاتا۔ تاکہ یہ بکھرا ہوا علمی خزانہ یکجا ہو جاتا اور ایک بار پھر ہمارے نوجوان علماء اور خطیب حضرات علم و فضل عقل و نقل کے دلائل و براہین سے مالا مال ہو جاتے۔

حضرت مولانا حمید اللہ خان کے بحر علوم کے غوّاص اور آپ کے شاگرد رشید مولانا قاسم نظام پوری اور جامعہ حمیدیہ کاہی، نظام پور، ضلع نوشہرہ خیبر پختون خواہ نے اس کا بیڑا اٹھایا اور آپ کے مواعظ و خطبات کی چار جلدیں مرتب کر دی ہیں۔ کمال یہ کیا کہ ہر جلد میں حضرت مولانا حمید اللہ خان کے اکیس اکیس خطبات جمع کئے ہیں۔ یوں حضرت مرحوم کے ان چار جلدوں میں چوراسی خطبات جمع ہو گئے ہیں۔

میرے خیال میں اس وقت دینی و دنیوی لحاظ سے ایسا قابل ذکر موضوع نہیں جو ان جلدوں میں شامل نہ ہو گیا ہو۔ انتہائی خوشی کی بات ہے کہ مؤلف نے اپنے استاذ کے علمی خزانہ کو سرعام خلق خدا کے فائدہ کے لئے رکھ دیا ہے۔ اس پر وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ حق تعالیٰ مولانا قاسم نظام پوری کو اپنے استاذ محترم علامۃ الدہر کے علوم و فیوض کو محفوظ کرنے اور عام کرنے کی مزید توفیق سے بہرور فرمائیں۔

جتوئی ضلع مظفر گڑھ میں قادیانی خاتون کا قبول اسلام

چاہ ناتھو والہ تحصیل جتوئی ضلع مظفر گڑھ کی رہائشی شگفتہ منیر دختر منیر احمد نے مرزا غلام احمد قادیانی اور قادیانی جماعت پر لعنت بھیج کر مولانا حمزہ لقمان کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا۔ نومسلمہ نے اپنے بیان حلفی میں کہا کہ میں بلا جبر و اکراہ اس بات کا اقرار کرتی ہوں کہ حضرت محمد خاتم النّبیین ﷺ اللہ کے آخری نبی و رسول ہیں اور جو کوئی آپ کے بعد کسی بھی قسم کی نبوت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا کذاب، دجال اور مفتری ہے۔ مزید کہا کہ مرزا غلام قادیانی اور اس کے ماننے والوں کو کذاب دجال مفتری اور خارج از اسلام سمجھتی ہوں۔ آج کے بعد میرا قادیانی جماعت کے ساتھ کسی قسم کا کوئی تعلق یا واسطہ نہیں ہے۔

جماعتی سرگرمیاں

ادارہ

سالانہ ختم نبوت کانفرنس دریا خان مری

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام جامع مسجد ابوبکر نزد جمالی پیٹرول پمپ دریا خان مری میں ۱۱؍فروری ۲۰۲۲ء کو سالانہ ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس بعد نماز مغرب تا رات گئے جاری رہی۔ سرپرستی قاری محمد حسن موروجو، نگرانی قاری نیاز احمد خاصخیلی وعبدالشکور اعظم انصاری اور صدارت مفتی محمد اسماعیل آرائیں نے کی۔ نقابت کے فرائض قاری عبدالماجد خاصخیلی نے انجام دیئے۔ حافظ محمد راہو نے حمد ونعت کی سعادت حاصل کی۔ بعد ازاں مولانا عبدالرحمٰن ڈنگراج نے بیان کیا۔ دوسری نشست میں مولانا تجمل حسین نواب شاہ، مولانا قاضی احسان احمد کراچی کے خطابات ہوئے۔ بعد ازاں مولانا محمد ابراہیم میکھو نے بیان کیا اور اختتامی دعا کرائی۔ (رپورٹ: قاری عبداللہ فیض)

ختم نبوت کانفرنس دوڑ سندھ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت دوڑ کے زیر اہتمام ۲۱؍فروری ۲۰۲۲ء بعد نماز مغرب غوثیہ چوک دوڑ شہر میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس استاذ العلماء قاری جمیل احمد فاروقی مہتمم مدرسہ دارالعلوم حقانیہ کی زیر صدارت منعقد کی گئی۔ پہلی نشست کا آغاز حافظ محمد نعمان جمیل نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ حافظ حسین احمد جمیل نے حمد ونعت پیش کیں۔ بعد ازاں ذمہ دار عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت دوڑ مولانا محمد اسجد جمیل نے عقیدۂ تحفظ ختم نبوت اور ردقادیانیت پر بیان کیا۔ بعد نمازِ عشاء دوسری نشست کا آغاز حافظ فیاض الحسن لاشاری نے تلاوت قرآن کریم سے کیا۔ فقیر حاکم علی بھرٹ نے ہدیۂ حمد ونعت ونظم پیش کیں۔ مولانا تجمل حسین مبلغ نواب شاہ، استاذ العلماء مولانا قاری عبدالرشید شہداد پور، مولانا قاضی احسان احمد کراچی، مولانا یحییٰ عباسی مظفر گڑھ اور مولانا عبداللہ سموں نے بیانات کئے۔ (رپورٹ: قاری عبداللہ فیض)

ختم نبوت کانفرنس پاء خیل

۲۳؍فروری ۲۰۲۲ء کو بعد از نماز عشاء مرکزی جامع مسجد الضیاء پاء خیل میں ختم نبوت کانفرنس حافظ محمد ہارون کی سرپرستی میں منعقد ہوئی۔ نقابت مولانا محمد مفتی کریم نواز نے کی۔ نعت حافظ محمد اسامہ ضیاء اور بیان مولانا محمد نعیم مبلغ ومولانا نور محمد ہزاروی کے ہوئے۔ دعا مفتی محمد اقبال آف داؤد خیل نے کرائی۔

ختم نبوت کورسز و بیانات جھنگ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع جھنگ کے زیر اِہتمام مولانا محمد سلمان کی کاوش سے مختلف مقامات پر تحفظ ختم نبوت کے عنوان پر تربیتی کورسز و بیانات منعقد کئے گئے، جن کی اجمالی رپورٹ حسب ذیل ہے:

پہلا ایک روزہ کورس ۲۵ فروری ۲۰۲۲ء بعد نماز عشاء جامع مسجد مدینہ ہرل پور جھنگ صدر میں، دوسرا دو روزہ کورس ۲۶، ۲۷ فروری بعد نماز عشاء جامع مسجد ٹھنڈی جھنگ سٹی میں، تیسرا ایک روزہ کورس ۲۷، فروری بعد نماز فجر جامع مسجد مدرسہ عبدالرحمٰن بن عوفؓ نواں شہر جھنگ میں منعقد ہوا۔ ۲۶ فروری بعد نماز فجر جامع مسجد حق چار یارؓ غلہ منڈی جھنگ صدر میں زیر سرپرستی محترم قاری سید مصدوق حسین شاہ (امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت جھنگ صدر) درس ختم نبوت ہوا۔ ۲۶ فروری بعد نماز عصر جامع مسجد نور شہید روڈ جھنگ صدر میں درس ختم نبوت ہوا۔ ۲۷ فروری ۱۱ بجے دِن جامعہ اُمّ حبیبہؓ للبنات جھنگ سٹی میں خواتین کے لئے درس ختم نبوت کا اِنعقاد ہوا۔ ۲۷ فروری بعد نماز ظہر مدرسہ دارالعلوم مدنیہ مسن روڈ چنڈ بھروانہ ضلع جھنگ میں زیر نگرانی مولانا محمد ایوب عقیدہ ختم نبوت کے موضوع پر مفصل بیان ہوا۔ ۲۸ فروری ۲۰۲۲ء بعد نماز فجر جامع مسجد رحمانیہ محلّہ بڈھے والا جھنگ صدر میں درس ختم نبوت ہوا۔ مذکورہ تمام بیانات و کورسز کے اسباق عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع شیخوپورہ وننکانہ کے مبلغ مولانا فضل الرحمٰن منگلا نے پڑھائے۔ (محمد انور جھنگ)

ختم نبوت کانفرنس بھسین واہگہ بارڈر لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے زیر اہتمام ۲۷/فروری ۲۰۲۲ء کو مرکزی عیدگاہ بھسین لاہور میں مرکزی نائب امیر مولانا خواجہ عزیز احمد کی صدارت میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں مختلف قصبوں و دور دراز علاقوں سے مجاہدین ختم نبوت وعشاقان ختم نبوت کی قافلوں کی صورت میں شرکت کی۔ کانفرنس میں مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا نور محمد ہزاروی، مولانا محمد امجد خان، پروفیسر مولانا محمد یوسف خان، مولانا جمیل الرحمٰن درخواستی، سید سلمان گیلانی، پیر رضوان نفیس، مولانا علیم الدین شاکر، قاری جمیل الرحمٰن اختر، مولانا عبدالنعیم، مولانا محمد حنیف کمبوہ، مولانا محبوب الحسن طاہر، مولانا فضل الرحمٰن، بلال احمد میر سمیت علماء، قراء اور ہزاروں کی تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔

ختم نبوت کانفرنس گھوٹکی

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر انتظام ۳/مارچ ۲۰۲۲ء گلبہار خان گھوٹکی میں تحفظ ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت امیر گھوٹکی سائیں سید نور محمد شاہ، نگرانی ناظم گھوٹکی مولانا محمد یوسف شیخ نے کی۔ مولانا خواجہ زبیر احمد نقشبندی، مولانا مفتی نور محمد لنگاہ، مولانا سائیں سید نور محمد شاہ، مولانا محمد ابراہیم

میکھو، مولانا محمد حسین ناصر، مولانا عبدالشکور حیدری پنوعاقل اور مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری ثالث کے بیانات ہوئے۔ آخر میں مولانا سید نور محمد شاہ کی دعا کے ساتھ شام کو چھ بجے کانفرنس کا اختتام ہوا۔

سالانہ ختم نبوت کانفرنس شہباز خیل ضلع لکی مروت

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت تحصیل غزنی خیل لکی مروت کے زیر اہتمام دوسری سالانہ ختم نبوت کانفرنس ۵؍مارچ ۲۰۲۲ء شہباز خیل میں منعقد ہوئی۔ تلاوت قاری محمد عثمان نے جب کہ مولانا شمس الرحمٰن مستغفر نے ہدیہ نعت کی پشتو زبان میں سعادت حاصل کی۔ مولانا عبدالرحیم، مولانا محمد طیب طوفانی، مولانا ماسٹر عمر خان، مولانا فتح خان، شیخ الحدیث مولانا عطاء الرحمٰن کوہاٹ کے بیانات ہوئے۔ دوسری نشست نماز ظہر کے بعد ہوئی، جس میں تلاوت مولانا قاری عنایت اللہ اور ختم نبوت کا ترانہ مولانا شمس الرحمٰن مستغفر نے پیش کیا۔ بعد ازیں مولانا سمیع اللہ مجاہد، مولانا اشرف علی، صوبائی مبلغ عالمی مجلس مولانا عابد کمال کے بیانات ہوئے۔ خصوصی بیان حضرت مفتی شہاب الدین پوپلزئی نے کیا۔ نقابت مولانا ارشاد اللہ اور قاری سجاد علی نے کی۔ اختتامی دعا مولانا صاحبزادہ خواجہ خلیل احمد کندیاں شریف نے کرائی۔

ختم نبوت کانفرنس کندیاں شہر

۵؍مارچ ۲۰۲۲ء بعد از نماز عشاء ٹاؤن کمیٹی کندیاں شہر ضلع میانوالی میں عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس زیر سرپرستی حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد نائب امیر مرکزیہ منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری مولانا محمد نعیم مبلغ میانوالی اور مولانا غضنفر ندیم آف پپلاں نے کی۔ تلاوت قاری محمد احمد آف عیسیٰ خیل نے جب کہ نعتیہ کلام مولانا عثمان علی میانوالی، امین برادران چوکیروی آف سرگودہا اور حافظ فیصل بلال حسان نے پیش کئے۔ صاحبزادہ جناب صفدر شاہ مسلک بریلوی، ڈاکٹر محمد طارق سلیم امیر جماعت اسلامی شمالی پنجاب، سید سبطین شاہ نقوی سرپرست مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب، پیر طریقت رہبر شریعت خواجہ محمد نصر المحمود تونسوی سجادہ نشین آستانہ عالیہ محمودیہ تونسہ شریف، ڈاکٹر محمد اعجاز حسین شاہ امیر منہاج القرآن پنجاب، مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا، مفتی اسد محمود صاحبزادہ مولانا فضل الرحمٰن اور آخر میں مولانا قاضی احسان احمد کراچی کے بیانات ہوئے۔ اختتامی دعا نائب امیر مرکزیہ صاحبزادہ خواجہ عزیز احمد نے کرائی۔

محفل حمد ونعت، عظمت قرآن کانفرنس ہربنس پورہ لاہور

سالانہ محفل حمد ونعت، عظمت قرآن کانفرنس بسلسلہ دستار فضیلت وتقسیم انعامات مدرسہ عزیزیہ ترتیل القرآن طیب ٹاؤن ہربنس پورہ لاہور میں ۶؍مارچ ۲۰۲۲ء کو مدیر مولانا قاری عبدالعزیز کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے مہمان مبلغ مولانا عبدالنعیم، معروف نعت خوان مولانا محمد قاسم گجر تھے۔

علمائے کرام، طلباء اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے حضرات نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں ادارہ ہذا سے قرآن پاک مکمل حفظ کرنے والے طلباء کرام کی دستار بندی کی گئی۔

ختم نبوت کانفرنس شاہ فخرالدین گھوٹکی

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گھوٹکی کے زیر انتظام ۶؍مارچ ۲۰۲۲ء بعد نماز مغرب مسجد سید عبدالجبار شاہ فخرالدین محلّہ میں بعد نماز مغرب عظیم الشان تحفظ ختم نبوت کانفرنس زیر صدارت سید نور محمد شاہ منعقد ہوئی۔ مولانا محمد حسین ناصر مبلغ سکھر اور حضرت مولانا سائیں عبدالمجیب قریشی کے تفصیلی بیانات ہوئے۔

تحفظ ختم نبوت کنونشن پنج گرائیں

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۶؍مارچ ۲۰۲۲ء کو بعد نماز عشاء ختم نبوت کنونشن جامع مسجد صدیقیہ پنج گرائیں میں منعقد ہوا۔ مولانا اللہ ڈتہ ساقی نے نعتیہ کلام پیش کیا، مولانا ابوبکر حیدر، مفتی ابوبکر قاسمی، مولانا نور محمد ہزاروی سرگودہا، مولانا محمد ساجد اور قاری ساجد اقبال انصاری کے خطابات ہوئے۔

ختم نبوت کانفرنس پنوعاقل

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پنوعاقل کے زیر انتظام ۷؍مارچ ۲۰۲۲ء کو بعد نماز مغرب مرکز ختم نبوت پنوعاقل میں ماہانہ درس ختم نبوت منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن پاک حافظ عبدالغفار شیخ نے پیش کی۔ ہدیہ نعت محترم جناب عبدالحق شیخ نے پیش کیا۔ مہمان خصوصی جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان کے مدیر و شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد نواز سیال مدظلہ العالی نے تفصیلی خطاب فرمایا۔

ختم نبوت کانفرنس چک منگلا سلانوالی

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت چک منگلا کے زیر اہتمام ۸؍مارچ ۲۰۲۲ء کو بعد نماز عشاء چک ۱۶۸/۱۷۱ شمالی چک منگلا کی کالونی توسیع آبادی کے گراؤنڈ میں حافظ سلیم اللہ، قاری اکرام اللہ کی زیر نگرانی پہلی سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی، جس کی صدارت جامع مسجد مدنی کے خطیب مولانا محمد خان منگلا نے فرمائی۔ نقابت کے فرائض مولانا محمد خالد عابد اور مولانا فضل الرحمٰن منگلا نے انجام دیئے، حافظ محمد وسیم سرگودہا اور امین برادران چوکیروی نے ہدیہ حمد و نعت پیش کیا، استاذ الحدیث مولانا عبداللطیف ڈیروی، عالمی مجلس سرگودھا کے امیر مولانا نور محمد ہزاروی اور مرکزی رہنما حضرت مولانا اللہ وسایا نے ختم نبوت کے عنوان پر بیانات کئے۔ مقامی جماعت کے کارکنان علی شیر حیدری اور ان کی ٹیم نے کامیابی کے لئے بھرپور کردار ادا کیا۔ خواتین کے لئے حافظ سلیم اللہ منگلا کے مکان پر الگ باپردہ وسیع انتظام کیا گیا، مولانا محمد عاطف حنفی مظفر گڑھ کی دعا سے کانفرنس کا اختتام ہوا۔ جماعت کا لٹریچر بھی فری تقسیم ہوا۔

سالانہ ختم نبوت کانفرنس پاکپتن

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام ۱۰/مارچ ۲۰۲۲ء کو بعد نماز ظہر تا عصر دارالعلوم حنفیہ فریدیہ نزد میونسپل کمیٹی پاکپتن میں ایک عظیم الشان سالانہ ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ پیر طریقت حضرت اقدس پیر حافظ ناصر الدین خاکوانی حفظہ اللہ کے علاوہ مولانا محمد رضوان عزیز، مولانا عبدالحکیم نعمانی، مولانا یوسف محمودی، مولانا ابوبکر عاصم، مولانا طارق محمود قاسمی، مولانا محمود الحسن شاہ، مولانا رشید احمد اور محمد جہانگیر سمیت متعدد مذہبی وسیاسی راہنماؤں نے خطاب کیا۔

تین روزہ ختم نبوت کورس برائے خواتین لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے زیراہتمام ۱۰ تا ۱۲/مارچ ۲۰۲۲ء کو تین روزہ ختم نبوت کورس برائے خواتین الجامعۃ العربیہ للبنات سلطان پورہ لاہور میں منعقد ہوا جس میں کثیر تعداد میں خواتین اسلام نے شرکت کی۔ کورس میں عالمی مجلس کے رہنماؤں مولانا محبوب الحسن طاہر، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم، مولانا خالد محمود، مولانا محمد سلیم، مولانا محمد اشرف، مولانا محمد وکیل، مولانا غلام رسول و دیگر علماء نے لیکچرز دیئے۔

عظمت قرآن وتحفظ ختم نبوت کانفرنس داؤدخیل

۱۱/مارچ ۲۰۲۲ء کو عالم باعمل مولانا مفتی محمد اقبال مدظلہ کے دینی ادارہ دارالعلوم داؤدخیل میں سالانہ دستار بندی کے موقع پر تحفظ ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی ضلعی امیر صاحبزادہ خواجہ نجیب احمد آف خانقاہ سراجیہ تھے۔ ضلعی مبلغ مولانا محمد نعیم نے عظمت قرآن وتحفظ ختم نبوت پر مفصل اور مدلل خطاب فرمایا۔ افتخار احمد قصوری نے اپنے مخصوص انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ نقابت کے فرائض مولانا مفتی کریم نواز نے سرانجام دیئے۔

خطبات جمعۃ المبارک ٹوبہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ٹوبہ کے زیرِ اہتمام ۱۱/مارچ ۲۰۲۲ء کے خطبات جمعۃ المبارک مختلف مساجد میں اکابرین ومبلغین مجلس نے ارشاد فرمائے۔ جامع مسجد رشیدیہ چک نمبر ۳۲۵ گ ب مرلہ سکیم میں زیرِ صدارت مولانا صاحبزادہ محمد اور زیرنگرانی مولانا معاویہ حسن، شاہین ختم نبوت مولانا اللہ وسایا، جامع مسجد رحیمیہ چک نمبر ۳۲۵ پرانی میں مولانا مجاہد مختار، جامع مسجد شہباز شہید چک نمبر ۳۲۵ گ ب ۵ مرلہ سکیم میں مولانا عتیق الرحمن ملتان، جامع مسجد بلال غلہ منڈی ٹوبہ میں مولانا محمد خبیب مبلغ ٹوبہ، جامع مسجد فاروقیہ سرہند کالونی ٹوبہ میں مناظر اسلام مولانا عبدالقدوس گجر نے بیانات فرمائے۔

تحفظ ختم نبوت کانفرنس چاہ رانجھے والا کروڑ لعل عیسن

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کروڑ لعل عیسن کے زیراہتمام چاہ رانجھے والا نزد ۵۷ ٹی ڈی اے تحصیل کروڑ لیہ میں تحفظ ختم نبوت کانفرنس ۱۲؍مارچ ۲۰۲۲ء کو صبح دس بجے تا عصر منعقد ہوئی۔ نعتیہ کلام جناب محمد نواز فردوسی، جناب محمد فیصل بلال حسان آف گوجرانولہ نے پیش کیا، مولانا محمد الیاس چنیوٹی مولانا محمد خبیب مبلغ ٹوبہ ٹیک سنگھ، مولانا محمد عطاء الرحمٰن صدیقی مولانا اللہ نواز سیہڑ، مولانا محمد ساجد ضلعی مبلغ کے خطابات ہوئے۔

سالانہ ختم نبوت کانفرنس ٹاؤن شپ مارکیٹ لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت یونٹ ٹاؤن شپ لاہور کے زیراہتمام ۱۲؍مارچ ۲۰۲۲ء کو سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس، تقسیم اسناد و دستار بندی جامع مسجد صدیقیہ فاروقیہ ٹاؤن شپ مارکیٹ لاہور میں مجلس لاہور کے نائب امیر پیر میاں محمد رضوان نفیس کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں سرگودھا کے امیر مولانا نور محمد ہزاروی، مولانا قاری علیم الدین شاکر، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم نے خطاب کیا۔

ختم نبوت کانفرنس تلمبہ

۱۳؍مارچ ۲۰۲۲ء بعد نماز عشاء جامع مسجد نورالاسلام تلمبہ ضلع خانیوال میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت مولانا پیر حافظ ناصرالدین خاکوانی، سرپرستی مولانا سید عبدالقادر شاہ گیلانی اور نگرانی قاری عبدالقیوم قمر اور قاری خالد محمود نے کی۔ نعتیہ کلام سید محمد فہد شاہ کراچی نے پیش کیا۔ مولانا محمد ریاض صادق، مولانا مدثر شاہ، ضلعی مبلغ مولانا عبدالستار گورمانی، مولانا پیر عمیر احمد قریشی، مولانا سید محمد زکریا شاہ جامعہ عبیدیہ فیصل آباد کے بیانات ہوئے۔ آخری بیان و دعا نائب امیر مرکزیہ حضرت صاحبزادہ خواجہ عزیز احمد نے کرائی۔

ختم نبوت کانفرنس ایبٹ آباد

